جناب تاج محمد (معاون خصوصی توانائی و برقیات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ گزشتہ حکومت نے پانچ سالوں کے دوران صوبہ بھر کی مساجد میں سولرازئزیشن منصوبہ شروع کیا ہوا ہے۔

(ب) PK-70 اور PK-71 کی جن جن مساجد میں سولرائزیشن کی گئی ہے، تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

13023_ جناب سراج الدین: کیاوزیر اطلاعات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ حکومت اخبارات کو سرکاری اشتہارات جاری کرنے کے لئے دیتی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اخبارات کو اشتہارات دینے سے متعلق کیا طریقہ کار اپنایا گیا ہے، وضاحت کی جائے، نیز گزشتہ ایک سال کے دوران حکومت نے صوبہ بھر کے جن اخبارات اور جرائد کو اشتہارات دیئے ہیں، ان کے نام اور مالیت کی تفصیل ایئر وائز فراہم کی جائے؟

جناب کامران خان بنگش (معاون خصوصی اعلیٰ تعلیم واطلاعات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ حکومت اخبارات کو سرکاری اشتہارات چھاپنے کے لئے دیتی ہے۔

(ب) اخبارات کو حکومت کی منظور شدہ اشتہارات پالیسی 2018ء کے تحت جاری کئے جاتے ہیں، گزشتہ ایک سال کے دوران حکومت نے صوبہ بھر کے اخبارات کو جو اشتہارات جاری کئے ہیں، ان کے نام اور مالیت کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

## قرارداد

Mr. Deputy Speaker: Item No.13: The honourable Minister for Law, to please move his resolution No. 1186 under Article 144 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, in the House.

Mr. Shaukat Ali Yousafzai (Minister for Labour & Parliamentary Affairs): Janab Speaker, in pursuance of Article 144 of the Constitution of Islamic Republic of Pakistan, the Provincial Assembly of the Khyber Pakhtunkhwa hereby resolves that the Majlis-e-Shoora Parliament may be law established National Commission for Minorities.

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honorable Minister, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it, the resolution is passed unanimously.

## اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، Leave Application کے بعد اس کی ایک قرارداد ہے۔ جناب شہرام خان ترکئی صاحب، منسٹر 6 اگست، جناب افتخار علی مشوانی صاحب، ایم پی اے 6 اگست، جناب محمود احمد خان صاحب، ایم پی اے 6 اگست، محترمہ آسیہ صالح خٹک صاحبہ، ایم پی اے 6 اگست، جناب شکیل احمد خان صاحب منسٹر، 6 اگست، محمد اقبال وزیر صاحب، منسٹر 6 اگست، جناب ارشد ایوب صاحب، منسٹر 6 اگست، جناب محمد ظاہر شاہ صاحب، ایم پی اے 6 اگست، جناب شاہ فیصل خان صاحب، ایم پی اے 6 اگست۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

(Interruption)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی آپ ریکویسٹ کریں،Rules relaxation کیلئے ریکویسٹ کریں، جی وہ ریکویسٹ کر رہے ہیں۔

جناب شوکت علی یوسفزئی(وزیر محنت وپارلیمانی امور): سر، ماله موقع را کړئ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی، پہلے یہ، پھر اس کے بعد آپ کر لیں۔

وزیر محنت وافرادی قوت: جناب سپیکر، ما وئیل چې دا کوم اپوزیشن والا تلی دی، دوئ پسې به یو کمیټی اولیږو، باقی زمونږه چونکه دا بلونه پاتې دی، دا بلونه که تاسو واخلئ نو مهربانی به وی ځکه ډیر Important بلونه دی۔

جناب سپیکر: ټهیک ده، تاسو او لاء منسټر صاحب لاړ شئ جی۔آپ اپنی ریزولیوشن کیلئے ریکویسٹ کریں،Rule suspension کیلئے ریکویسٹ کریں،آپ ریکویسٹ کریں، روی کمار صاحب کا مائیکOn ،آپ اپنی سیٹ پہ ہیں۔

## قاعدہ کا معطل کیا جانا

جناب روی کمار: میں اپنی سیٹ پہ ہوں، تھینک یو، بہت شکریہ۔جناب سپیکر، میں Rule 124 کو 240 کے تحت Relax کرنے کی اجازت چاہتا ہوں تاکہ اس ایوان میں ایک Important resolutionپیش کی جائے۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the rule 124 may be relaxed under rule 240, to allow the honorable Member, to move his resolution? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say, 'Noes'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it.

اس سے پہلے ہمارے رنجیت سنگھ صاحب نے Point of Order پہ کھڑے ہونے کی کوشش کی، Rules میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ میں اسمبلی کو Rules کے مطابق چلاؤنگا، روی کمار بھی ہمارے ینارٹی کے ممبر ہیں، انہوں نے Proper یہاں پہ ریزلیوشن پیش کی، مجھے دی، اسی ریزلیوشن پہ وہ بھی بات کرتے ہیں لیکن اپوزیشن کا کام ہی اسمبلی میں افراتفری پھیلانا، غلط بیانی کرنا، ینارٹیز پاکستان میں جو ہیں ان کو تمام حقوق حاصل ہیں اور ہم پاکستانی اور تمام خیبر پختونخوا کے عوام ان کو ان شاء اللہ Fully تحفظ دینگے۔جی روی کمار صاحب۔

## مذمتی قرارداد

جناب روی کمار: بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ Rules کے تحت اسمبلی چلنی چاہیئے، میں اس مؤقف کی مکمل تائید کرتا ہوں لیکن واقعہ ایسا تھا، مذمتی قرارداد میں نے Proper آپ کو پیش کی، آپ سے اور ایوان سے اجازت چاہی تاکہ یہ پیش ہو جائے. جو دشمن ممالک ہیں وہ اس قسم کی Activity سے خوش ہوتے ہیں، ہم ان کو ایک مسیج بھی اس ایوان سے دینا چاہتے ہیں۔ بہت شکریہ، سر۔ یہ ایک مذمتی قرارداد ہے جس پہ شوکت یوسفزئی صاحب، وزیرزادہ صاحب اور ویلسن وزیر صاحب نے Sign کئے ہیں۔

جناب سپیکر، بونگ شریف صادق آباد رحیم یار خان میں 4 اگست 2021ء کو ایک دل سوز واقعہ پیش آیا جس میں کچھ شرپسند عناصر کی طرف سے گنیش مندر کو نہ صرف توڑا گیا بلکہ مکمل جلاؤ گھیراؤ کیا گیا، عمارت کو شدید نقصان پہنچایا گیا۔ اس واقعے سے پاکستان میں اور تمام ہندو برادری کی دل آزاری ہوئی ہے۔ یہ اسمبلی اس کی پرزور مذمت کرتی ہے، اسلام ایک امن پسند دین ہے اور مذہب اسلام میں اس قسم کے عوامل کی کوئی گنجائش نہیں۔ پاکستان مذہبی اقلیتوں کیلئے ایک پرامن ملک ہے، اس قسم کے شرپسند عناصر ہندو مسلم بھائی چارے کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہیں پر ایسا ممکن نہیں کیونکہ صدیوں سے اس خطے میں دونوں مذاہب کا بہت گہرا تعلق ہے جو محبت، رواداری اور مساوات پر مبنی ہے۔

لہذا یہ اسمبلی صوبائی اور مرکزی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ ایسے عناصر کو آئین پاکستان کے تحت کڑی سے کڑی اور عبرتناک سزا دی جائے اور قانون کے تابع لایا جائے تاکہ اس قسم کے واقعات کی روک تھام کی جا سکے۔

پاکستان ہم سب کا ملک ہے اور اسے ہم تمام مذاہب کو خوبصورت گلدستے کی طرح سجا کر رکھنا ہے۔ پاکستان زندہ باد۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی منسٹر صاحب کا مائیک On کریں، وزیرزادہ صاحب کا مائیک On کریں۔

جناب وزیرزادہ (معاون خصوصی برائے اقلیتی امور): شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ سب سے پہلے بونگ شریف میں جو واقعہ ہوا ہے، مندر پر جو حملہ ہوا ہے، اس کی مذمت کرتا ہوں۔ میں یہ ہاؤس کو بتانا چاہتا ہوں کہ اس واقعے کا پرائم منسٹر پاکستان جناب عمران خان صاحب نے خود نوٹس لے لیا ہے، جو عناصر اس میں ملوث ہیں، ان کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کرنے کی ہدایت کی ہے، وہ خود اس کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ آج 9 بجے سپریم کورٹ نے بھی آئی جی پنجاب کو بلایا ہے، جو ہمارے ملک

کا سب سے بڑاادارہ ہے، پھر ہمارے پرائم منسٹر پاکستان نے خود اس کا نوٹس لیا ہے، میں اس فورم سے انٹر نیشنل کمیو نٹی کو یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ پاکستان میں ینمارٹیز کی انتہائی قدر کی جاتی ہے،ان کے حقوق کا پورا تحفظ اور خیال رکھا جاتا ہے،آپ دیکھ لیں، یہ واقعہ ہونے کے بعد فوراًوزیر اعظم پاکستان اس کا نوٹس لے لیتا ہے حالانکہ ایسے واقعات انڈیا میں روز ہوتے ہیں، مسجدیں جلائی جاتی ہیں، مسلمانوں کو شہید کرتے ہیں لیکن کبھی نریندر مودی نے اس کا نوٹس نہیں لیا، کبھی ان کے خلاف کارروائی نہیں ہوئی،ان شاء اللہ پاکستان سب کا ہے،یہاں پہ سب کو برابر کے حقوق حاصل ہیں، حکومت پاکستان جیسے کہ ٹیری سمادی پہ ہمارے خیبر پختونخوا کی حکومت نے ایکشن لیا،ان شاء اللہ اس پہ بھی پوری کارروائی ہوگی،ہماری ینمارٹیز کے لوگ جو ہیں،حکومت کے اقدامات سے پورے طرح مطمئن ہیں۔ تھینک یو۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the resolution, moved by the honorable Member, may be passed? Those who are in favour of it may say ‘Ayes’ and those who are against it may say ‘Noes’.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The ‘Ayes’ have it. The resolution is passed unanimously.

## مسودہ قانون (ترمیمی) خیبر پختونخوا میڈیکل ٹرانسپلانٹیشن ریگولیٹری اتھارٹی مجریہ 2021 کا پیش کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 8, the Minister for Health, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Medical Transplantation Regularity Authority (Amendment) Bill, 2021, in the House.

تیمور جھگڑا صاحب،آپ باتیں نہ کریں،آپ اپنا بل پیش کریں،آپ کا آئٹم نمبر 8 ہے۔

جناب تیمور سلیم خان (وزیر صحت و خزانہ): Sorry, repeat کر دیں، مجھے منسٹر صاحب نے کوئی۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Item No. 8

Mr. Taimur Saleem Khan (Minister for Health &Finance): Sir, Medical Transplantation Bill, Lay before the House کرنا ہے۔ Sir, I wish to lay the Khyber Pakhtunkhwa, Medical Transplantation Regularity Authority (Amendment) Bill, 2021, in the House.

Mr. Deputy Speaker: It stands introduced.

## مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا ایمپلائز سوشل سیکورٹی مجریہ 2021 کا پیش کیا جانا

Minister for Health &Finance: I will take up. I wish to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Employees Social Security Bill, 2021, in the House.

Mr. Deputy Speaker: The Bill stands introduced.

## مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا سزاؤں سے متعلق مجریہ 2021 کا پیش کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 10, the Minister for Parliamentary Affairs, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Sentencing Bill, 2021, in the House.

Minister for Health &Finance: Mr. Speaker, I wish to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Sentencing Bill, 2021, in the House.

Mr. Deputy Speaker: The Bill stands introduced.

آئٹم نمبر 11: شوکت یوسفزئی تو نہیں ہے، تیمور جھگڑا صاحب، آپ اس کو Present کریں۔

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا کارخانہ جات مجریہ 2021 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Deputy Speaker: The Minister for Labour, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Factories (Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once.

Minister for Health &Finance: Ji, Mr. Speaker, I wish to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Factories (Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Factories (Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say ‘Ayes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The‘Ayes’ have it. Clauses 1 to 4 of the Bill: Since, no amendment has been proposed by any honorable Member in clauses 1 to 4 of the Bill, therefore, the question before the House is that clauses 1 to 4 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say ‘Ayes’ and those who are against it may say ‘Noes’.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The ‘Ayes’ have it. Clauses 1 to 4 stand part of the Bill. Amendment in clause 5 of the Bill: Ms. Naeema

Kishwar, MPA, to please move her amendment in clause 5 of the Bill.

محترمہ نعیمہ کشور خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ I move that clause 5 may be deleted، جناب سپیکر صاحب، میں اس پہ تھوڑی بات کر لوں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی نعیمہ کشور صاحبہ۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: جناب سپیکر صاحب، Original Bill کو اگر آپ دیکھ لیں، اس لئے ہم نے اس کے Abstract کو مانگا تھا کہ آپ کس چیز میں امنڈمنٹ کرنا چاہ رہے ہیں؟ جب Original Bill Factories Act آیا، اس وجہ سے انہوں نے Women and children کو اس میں سے Delete کیا تھا جو فیکٹری کے پرزے ہوتے ہیں، جب Moveable condition میں ایک فیکٹری ہوتی ہے تو اس میں خواتین اور بچوں کو جانے سے منع کیا گیا تھا کہ اس میں خواتین اور بچوں کو نہیں کرینگے، نہ اس کی صفائی کرینگے، فیکٹری جب چل رہی ہو گی کیونکہ Heavy machinery ہوتی ہے، اس وجہ سے اس میں سے خواتین کو وہ کیا تھا، وہ خواتین اس میں کام نہیں کریں گی۔ اب آپ اس کو ختم کر رہے ہیں، آپ خواتین کے ساتھ اچھا کر رہے ہیں یا اس کو Risk پہ ڈال رہے ہیں، اتنی Heavy machine جب فیکٹری میں چلے گی، آپ اس میں کہہ رہے ہو کہ خواتین بھی اس میں ملازمت کریں، جب Heavy machinery میں آئل ڈالنا ہوتا ہے اور فیکٹریوں میں بڑی Heavy machinery کے کام ہوتے ہیں، اس میں پھر ایسی چیزیں ہوتی ہیں، Acids وغیرہ Use ہوتے ہیں جو صحت کیلئے مضر ہوتے ہیں، اتنے Heavy کام ظاہر ہے کہ خواتین نہیں کر سکتیں، بجائے اس کے کہ آپ خواتین کو کسی اور Job دینے کی Facilities دیں، Jobs زیادہ پیدا کریں، جس طرح آپ لوگوں نے وعدہ کیا تھا کہ ہم زیادہ Jobs پیدا کرینگے، بجائے اس کے آپ ان کو اور Risk میں ڈال رہے ہیں، اس وجہ سے میں نے کہا ہے کہ اس میں سے یہ Delete کریں، جس طرح پہلے لوگوں نے، پہلی گورنمنٹ نے اس میں یہ Provision رکھی تھی کہ Heavy جو Moveable factory میں خواتین کام نہیں کریں گی، مشینری کے ساتھ جب وہ چل رہی ہو گی، بچے بھی، تو اس لئے میں نے کہا کہ اس کو Delete کریں۔

Mr. Deputy Speaker: ji. Minister concerned, Shaukat Yousafzai Sahib.

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وافرادی قوت): جناب سپیکر، تاسو یہ پتہ دہ، اس ملک کے اندر پہلے بھی خواتین لیبر فورس Already ان کی کمی ہے، ہماری پوری کوشش ہے، امنڈمنٹ لانے کا مقصد یہ تھا

کہ ان کو ایک اچھا Environment دیں، ان کا Pick and drop ، ان کی ٹرانسپورٹ، ان کا وہاں کا جو ماحول ہے وہ بہتر دے سکیں، جناب سپیکر، یہ لازمی تھا۔ دوسرا یہ کہ، دیکبنې دا چې کومه خبره کوی، انہوں نے جو بات کی وہ Already rules کے اندر اس کو Cover کر دیا گیا ہے جو ان کا وہ تھا، ان کا جو Concern ہے وہ Rules کے اندر Covered ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ ان کی امنڈمنٹ کے ساتھ Agree کرتے ہیں کہ نہیں کرتے ہیں؟

وزیر محنت و افرادی قوت: نہیں، ان کی اس سے میں Disagree کرتا ہوں کیونکہ وہ Already covered ہے، وہ Rules کے اندر Covered ہے۔ یہ چونکہ ایکٹ ہے، ایکٹ کے اندر ہماری پوری کوشش ہے کہ جس طرح اس پورے ایکٹ کے اندر جس طرح اس کی تشریح کی گئی ہے کہ خواتین کو بہتر Environment دینا، ان کی Pick and drop، دوسری یہ ہے کہ اگر کوئی سات بجے کے بعد کوئی خاتون کام کرنا چاہے تو With a consent یہ نہیں ہے کہ کوئی زبردستی کہے کہ نہیں آپ نے خواہ مخواہ کام کرنا ہے، وہ یہ ساری چیزیں اس میں شامل ہیں تاکہ خواتین کو تحفظ بھی ہو اور ان کو روزگار کا ایک اچھا ذریعہ بھی مہیا ہو، یہ اس کے اندر وہ امنڈمنٹ ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: جناب سپیکر صاحب، منسٹر صاحب کہہ رہے ہیں کہ اس کو Rules میں Cover کیا گیا ہے، یہ تو ابھی امنڈمنٹ لا رہے ہیں، ابھی اس کے Rules بنیں گے، آپ ایک چیز ایکٹ سے نکال رہے ہو، آپ کہہ رہے ہیں کہ اس کو Rules میں Cover کیا گیا ہے، یہ کیسی قانون سازی ہم کر رہے ہیں؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

وزیر محنت وافرادی قوت: میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اس کو ہم نے Rules میں Cover کر لیا ہے، بنا نہیں، ہم بنا رہے ہیں، ظاہر ہے، اب یہ تو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں Put کرتا ہوں۔

The motion before the House is that the amendment, moved by the honorable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say ‘Ayes’ and those who are against it may say ‘Noes’.

(The motion was rejected)

Mr. Deputy Speaker: The amendment is dropped. Now, the question before the House is that the original clause 5 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The original clause 5 stands part of the Bill. Amendment in clause 6 of the Bill: Ms Naeema Kishwar, MPA, to please move her amendment in clause 6 of the Bill.

محترمہ نعیمہ کشور خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ I move that clause-6 may be deleted. جناب سپیکر صاحب، یہ بھی اسی طرح کی ہے کہ یہ جو Original اس کی ہے، سیکشن 35 میں یہ امنڈمنٹ کر رہے ہیں، اس میں جو کاٹن کی زیادہ تر فیکٹریز ہیں، یہ اس کے لئے تھی، اس میں خواتین اور بچے کام نہیں کرینگے کیونکہ جو کاٹن کی فیکٹریز ہوتی ہیں، ان میں ایسی ہوا ہوتی ہے جس سے سانس کی بیماری اور اس قسم کی خواتین جو زیادہ تر وہ اکثر Pregnancy کی حالت میں ہوتی ہیں، وہ ادھر کام نہیں کر سکتیں، اس لئے اس کو Omit کیا گیا تھا کہ خواتین کو ادھر کام نہیں کرنا چاہیئے۔ یہ سوچ تھی، لوگ اس کو کرنا چاہ رہے تھے، اس لئے اس کو میں نے Omit کیا ہے کہ خواتین کو اسی طرح رکھیں، ان کو دوسری Jobs جو بہتر Job ہو، جو Respectable job ہو اس میں رکھیں، ایسی فیکٹریوں میں ان کو نہ لے کر جائیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب۔

وزیر محنت وافرادی قوت: یہ Same وہی ہے، میں نے جیسے کہا کہ خواتین کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ اس کے Consent کے مطابق اگر وہ کرنا چاہتی ہیں تو ٹھیک ہے، نہیں کرنا چاہتی تو کوئی زبردستی نہیں، آپ صرف یہ کہیں کہ یہاں پہ خواتین کام نہیں کرینگی۔ اگر ہم یہ کہیں کہ نہں کرینگی تو پھر کوئی اٹھے گا کہ جی یہ Discrimination کیوں؟ میرے خیال سے یہ توان خواتین کو اختیار دیا جارہا ہے کہ آپ جہاں کام کرنا چاہیں لیکن یہ لیبر ڈیپارٹمنٹ کی Responsibility ہوگی کہ ان کو ایک اچھا Environment دیا جائے، ان کی Pick and drop کو دیکھا جائے کہ صحیح ہے، Safe ہے یا نہیں ہے؟ ٹرانسپورٹ کے لئے ان کا Environment ٹھیک ہے یا نہیں؟ یہ دیکھنا تو لیبر ڈیپارٹمنٹ کا کام ہے، باقی یہ کہنا کہ جی یہاں خواتین کام نہ کریں، میرے خیال سے یہ اچھی بات نہیں ہے، یہ توان کے Consent کے اوپر ہے، جس طرح میں نے کہا کہ سات بجے پہ ہم نے Restriction لگائی ہے، سات بجے تک خاتون کام کرے گی

لیکن سات کے بعد اگر خاتون خود کام کرنا چاہے تو اس پہ کوئی قدغن نہیں ہو گی لیکن Environment دینا اور اس کو بہتر کرنا، یہ ہماری Responsibility ہے، وہ ہم ان شاء اللہ کرینگے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آپ Agree کرتے ہیں یا Disagree کرتے ہیں؟

<u>وزیر محنت وافرادی قوت</u>: نہیں، میں اس کے ساتھ Agree نہیں کرتا کیونکہ میں کیوں ان پہ Ban لگاؤں؟ Already میں نے آپ سے کہا ہے کہ ہمارے پاس خواتین لیبر فورس کی بڑی کمی ہے۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: The motion before the House is that the amendment, moved by the honorable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was rejected)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The amendment is dropped. Now, the question before the House is that the original clause 6 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The 'Ayes' have it. The original clause 6 stands part of the Bill. Clause 7 of the Bill: Since, no amendment has been proposed by any honorable Member in clause 7 of the Bill, therefore, the question before the House is that clause 7 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The 'Ayes' have it. Clause 7 stands part of the Bill. First amendment in clause 8 of the Bill: Ms. Naeema Kishwar, MPA, to please move her amendment in clause 8 of the Bill.

<u>Ms. Naeema Kishwar Khan:</u> Thanks. I move that in clause 8, in the proposed paragraph (b), after the word and comma "residence,", the words "and provision of separate washroom, day-care, first aid and other basic amenities may be inserted.

جناب سپیکر صاحب، میں نے جو فرسٹ دو امنڈمنٹس Move کی تھیں، منسٹر صاحب نے میرے ساتھ Agree نہیں کیا، میں نے وہ اس لئے Move کی تھیں کہ اس کو Direct کر کے یہاں تک لانا چاہ رہی تھی کہ اگر آپ خواتین کو ایسی فیکٹریوں میں لانا چاہ رہے ہو تو پھر ان کو Facilities دیں۔ بار بار

منسٹر صاحب نے کہا کہ ہم خواتین کو بہتر ماحول دینا چاہ رہے ہیں، منسٹر صاحب نے کہا کہ ہم خواتین کو کام کرنے کے مواقع دینا چاہ رہے ہیں، اگر آپ ان کو دینا چاہ رہے ہیں، آپ اپنی بات پہ قائم ہو تو آپ صرف Pick and drop پہ اپنی جان نہ چھڑائیں، آپ نے اس کو Separate wash room بھی دینا ہے، آپ نے اس کو Day Care Centre بھی دینا ہے، اگر آپ نے اس طرح کی فیکٹریوں میں ان کو کام دینا ہے تو ان کو جو Immediate طبی سہولت دینی ہے، ان فیکٹریوں کو پابند کرنا ہے کہ اگر خدانخواستہ کوئی ان کو حادثہ پیش آئے، جو ایمرجنسی میں ان کو جو First aid ہے وہ سہولت ان کے پاس ہونی چاہیئے۔ میرے خیال میں منسٹر صاحب کو بخوشی Agree کرنا چاہیئے کہ خواتین کو یہ سہولتیں ادھر مہیا ہونی چاہئیں، صرف Pick and drop کی سہولت اور ہے بھی Law میں، ہونی چاہیئے۔ میرے خیال میں منسٹر صاحب سے میری ریکویسٹ ہوگی کہ وہ اس سے Agree کریں، اگر آپ خواتین کو، کیونکہ خواتین کو رات کو کام کرنا ہوگا تو اگر کوئی خواتین مجبوری کے تحت ان فیکٹریوں میں کام کریں تو ان کو یہ سہولتیں ہونی چاہئیں۔ تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: شوکت یوسفزئی صاحب۔

<u>وزیر محنت وافرادی قوت</u>: جناب سپیکر، یہ جو انہوں نے امنڈمنٹ Move کی ہے، Basically maternity اور سب جو چھٹیاں ہیں ان کی، وہ Already Labour Laws کے اندر Covered ہیں۔ دوسری جو واش روم کی انہوں نے بات کی، اب یہ مجھے نہیں لگتا، I don't think کہ یہ اچھی بات ہے کہ ایکٹ میں لے آئیں، یہ Rules میں ہم نے وہ کیا ہوا ہے، میں یہ ان کو یقین دہانی کراتا ہوں کہ ہمارے جب Rules frame ہونگے، میں اپنے ڈیپارٹمنٹ سے کہوں گا کہ ان کے ساتھ Consult کرکے یہ ساری چیزیں اس میں لے آئینگے، ہم Rules کے اندر لے آئینگے، بالکل میں اس سے اتفاق کرتا ہوں لیکن میرا نہیں خیال کہ ایکٹ میں ہم لکھیں کہ واش رومز بنیں، بہتر یہ ہے کہ ہم ان کی جو Working condition ہم بنا رہے ہیں، اس میں جو Rules بنا رہے ہیں، اس کے اندر یہ بالکل لازمی ہوگا، میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ یہ امنڈمنٹ چھوڑ دیں، میں اس Rules میں اس کو لے آؤں گا کہ واش روم لازمی ہوگا۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: مطلب آپ Disagree کرتے ہیں۔

<u>وزیر محنت وافرادی قوت</u>: ہاں، میں Disagree کرتا ہوں۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: Day Care Centre بھی ہے، واش رومز بھی ہیں اور جو۔۔۔۔۔

وزیر محنت: یہ تو Already covered ہیں۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: جو First aid ہے وہ بھی ہے، یہ سارے Rules میں نہ ڈالیں کیونکہ یہ Already ہیں۔

وزیر محنت و افرادی قوت: میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ جو چیز ایکٹ سے رہ گئی، میں آپ کے ساتھ، میں ڈیپارٹمنٹ کو ابھی Instruct کرتا ہوں کہ وہ آپ کے ساتھ بیٹھ کر جو جو چیزیں آپ ڈالنا چاہیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہو گا۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: اس کو ڈال دیں، چھوٹی سی چیز ہے، اگر آپ Pick and drop کو ڈالتے ہیں تو اس کو بھی ڈال دیں، اس ایکٹ میں ڈال دیں۔

وزیر محنت: Rules میں بالکل ڈال دیں گے، یہ Already ہے لیکن جو چیز رہ جاتی ہے۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: ابھی تک ہمارے اس ہاؤس کا Day Care Centre نہیں بنا، منسٹر صاحب سے میں کیا کہوں، ابھی تک ہم اس کے لئے کوشش کر رہے ہیں، ہم اگر اپنے ہاؤس میں نہ بنا سکیں تو آپ مجھے سمجھا رہے ہیں، بلکہ بنا رہے ہیں، ٹھیک ہے، ہماری Caucus کوشش کر رہی ہے لیکن ابھی تک ہم اپنے ممبران کو نہ دے سکے، ہم فیکٹریوں کو کیا دے سکیں گے؟ میری ریکویسٹ ہو گی، اس کو ایکٹ میں ڈال دیں۔

وزیر محنت و افرادی قوت: میں آپ کے ساتھ اتفاق کرتا ہوں، دیکھیں میں آپ سے Agree کرتا ہوں، آپ کا مقصد یہ ہے کہ Day Care Centre ہو، Maternity کی چھٹیاں ہوں، یہ Already labour laws کے اندر Covered ہیں۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: بالکل ہیں۔

وزیر محنت و افرادی قوت: جو Covered نہیں ہیں، میں آپ سے گزارش کرتا ہوں کہ یہ چیزیں ایکٹ میں لانے کی ضرورت نہیں ہے، یہ Already rules کے اندر آ جاتی ہیں۔ میں آپ سے، جب میں آپ کو کہہ رہا ہوں کہ آپ کے ساتھ بیٹھ کر ہم Rules بنا لیں گے، اس میں تو کوئی حرج نہیں ہے، آپ وہ Rules میں ڈالیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ Disagree کرتے ہیں؟

وزیر محنت وافرادی قوت: میں امنڈمنٹ کے ساتھ Disagree کرتا ہوں لیکن اس کو میں Rules میں لے آؤں گا، میں Already instruct کر چکا ہوں کہ یہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دوسری بات، میڈم، ایک بات میں کہوں گا، ایک منٹ، میڈم، آپ نے کہا تھا کہ ہم اسمبلی میں نہ کر سکیں تو شاید آپ کو علم ہو یا نہ ہو، ہماری اسمبلی میں Day Care Centre پہ کام شروع ہے، Day Care Centre بن جائے گا، یہ آپ کے علم میں ہونا چاہیئے۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: میں نے کہہ دیا کہ بن رہا ہے لیکن بن رہا ہے، میں نے کہہ دیا کہ Caucus کوشش کر رہی ہے ایک دو مہینے سے، میری ایک ریکویسٹ ہے، آخر میں نے اس میں ایک دو امنڈمنٹس Rules کے حوالے سے بھی ڈالی تھیں کہ Rules چھ مہینے میں بنی چاہئیں، اس کی رپورٹ ہمارے ہاؤس کو ملنی چاہیئے، پتہ نہیں کہ وہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جو امنڈمنٹس تھیں وہ الگ ہیں، ایک منٹ، میڈم، اس امنڈمنٹ کے بارے میں۔۔۔۔۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: میری عرض، مجھے Complete کرنے دیں، ایک سیکنڈ لوں گی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: میری دو تین امنڈمنٹس اور تھیں، مجھے نہیں پتہ کہ وہ کیوں اڑ گئیں؟ ایک یہ تھی کہ Rules چھ مہینے کے اندر بننے چاہئیں اور اس کی رپورٹ ہاؤس میں Submit ہونی چاہیئے، وہ نہیں آئی کیونکہ پھر سالوں سے اس کے Rules نہیں بنتے، یہی میری ریکویسٹ ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں یہ Put کرتا ہوں۔

The motion before the House is that the amendment, moved by honorable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was rejected)

Mr. Deputy Speaker: The amendment is dropped. Second amendment in clause 8 of the Bill: Ms. Nighat Yasmeen Orakzai, MPA, to please move her amendment in clause 8 of the Bill.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ یہ غلطی سے کیونکہ Extract نہیں تھا، اس کے ساتھ میں اس تین کو Delete کرنا چاہ رہی تھی اور دو کو لانا چاہ رہی تھی لیکن اگر منسٹر صاحب مجھے ریکویسٹ کریں تو میں اس کو Withdraw کر لیتی ہوں، ریکویسٹ کریں، جب آپ ریکویسٹ نہیں کرتے

تو پھر ہمیں لگتا ہے کہ جیسے ہم جو ہیں، ویسے ہی محنت کر کے آتے ہیں لیکن بہر حال آپ اگر ریکویسٹ کرینگے تو میں واپس لے لوں گی۔ تھینک یو۔

وزیر محنت: بالکل، نہیں میں توریکویسٹ کرتا ہوں، بہت شکریہ۔

Mr. Deputy Speaker: Withdrawn. Now, the question before the House is that the original clause 8 may stand part of the Bill? Those who in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was carries)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The original clause 8 stands part of the Bill. Preamble and long title also stand part of the Bill.

## مسودہ قانون (ترمیمی) خیبر پختونخوا کارخانہ جات مجریہ 2021 کا پاس کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 12, 'Passage Stage': The Minister for Labour, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Factories (Amendment) Bill, 2021 may be passed.

Mr. Shaukat Ali Yousafzai (Minister for Labour): Mr. Speaker, I intend to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Factories (Amendment) Bill, 2021 may be passed.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Factories (Amendment) Bill, 2021 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

وہی سپیکر صاحب کی بات کہ کہ جب بل پاس ہوتا ہے تو ٹیبل بجائے جاتے ہیں، میرے خیال سے آپ سب سوئے ہوئے ہیں۔

(تالیاں)

## تحریک استحقاق

Mr. Deputy Speaker: Item No. 5, 'Privilege Motion': Mian Nisar Gul, MPA, to please move his privilege motion No. 154, in the House.

میاں نثار گل: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں کوشش کرتا ہوں کہ پریویلج موشن کم ہی لاؤں کیونکہ یہ اپنے آپ کی بے عزتی کرنا ہوتی ہے، ایوان کی بے عزتی کرنا ہوتی ہے لیکن مجبوری سے لانا پڑتی ہے۔

جناب سپیکر، 20 جولائی بروز منگل بوقت صبح 10 بجکر چالیس منٹ کو میں نے تھانہ ٹیری کے ایس ایچ او ظہور خان کو اس کے موبائل نمبر پر کال کی، باقاعدہ طور پر اپنا تعارف کر کے بات شروع کی کہ آپ نے ایک معزز شہری کا موٹر سائیکل فقط اس لئے تھانے میں بند کیا کہ اس موٹر سائیکل کو لاک نہیں لگایا ہے لیکن اس کے باوجود میرے دو دفعہ تعارف کرانے کے بعد بھی میری بات سننے سے انکار کیا، میرے ساتھ گستاخانہ الفاظ کا استعمال بھی کیا اور یہ کہتے ہوئے فون بند کر دیا کہ میرے پاس ٹائم نہیں ہے۔ جناب سپیکر، ایک منتخب ممبر صوبائی اسمبلی کے ساتھ ایس ایچ او تھانہ ٹیری ضلع کرک، ظہور خان کے اس گستاخانہ رویہ سے نہ صرف میرا بلکہ اس پورے معزز ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا اس کو استحقاق کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔ جناب سپیکر، اگر آپ مجھے دو منٹ کے لئے اجازت دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر صاحب، پولیس ہمارے لئے قابل احترام ہے، ہم بھی عزت کرتے ہیں وہ بھی عزت کرتے ہیں لیکن آپ دیکھ لیں کہ پہلے ادھر پشاور میں ایک ایس ایچ او کا واقعہ ہوا تھا، ایک معزز ہمارے اسمبلی کے ممبر کو چارسدہ روڈ پہ انہوں نے کتنی عزت دی تھی، ہم اپنے علاقے کے ایس ایچ او کو جب فون کرتے ہیں، جب یہ رویہ ہمارے ساتھ ہو، آپ کرک کا ریکارڈ اب تک دیکھ لیں، سات آٹھ قتل ہوئے ہیں، بھتے لئے جاتے ہیں، ایس ایچ اوز تھانوں میں بیٹھ کر مفروروں کے ساتھ اور ان لوگوں کے ساتھ ان کے موبائل نمبر پہ باتیں ہوتی ہیں لیکن جب ہم معزز لوگ اپنے ایک موٹر سائیکل کے لئے فون کریں کہ یہ لاک نہیں لگا تھا اور وہ ہماری بات کو نہیں سنتے تو ہم کس طرح سے اس ایوان کے معزز رکن ہیں؟ برائے مہربانی آپ استحقاق کمیٹی کے چیئرمین ہیں، تھوڑا سا پولیس کو لگام دیں، یہ پولیس ہماری اپنی پولیس ہے، یہ امنڈمنٹ جو آئی ہوئی ہے، اس کے بعد پولیس ایسا سمجھ رہی ہے کہ ہم پاکستانی فوج والے ہیں، اس صوبے کے پولیس والے ہیں، ہم اس کی عزت بھی کرتے ہیں لیکن کم از کم، ایس پی کو بھی پتہ تھا، میں نے اس کے واٹس ایپ پہ یہ تحریک استحقاق بھیجوائی ہوئی تھی، انہوں نے میرے ساتھ فون پہ بات کی، وہ کہہ رہے ہیں کہ میں Busy تھا اس لئے میں نے فون بند کیا، میں نے کہا کہ کونسا وہ Busy تھا، کم از کم میری بات سن لیتا، وہ بات نہ مانتا، ایک موٹر سائیکل کو لاک نہ لگانا، میں نے کبھی چوروں کی سفارش

نہیں کی، میں نے کبھی بھتہ خوروں کی سفارش نہیں کی، میں نے کبھی ایسے لوگوں کی سفارش نہیں کی جو چرس کے اڈے چلاتے ہوں لیکن ایک موٹر سائیکل کے لئے اگر ایک معزز ممبر اسمبلی اپنے تھانے کر ک میں فون کرے تو پشاور والے ہمیں پھر کیا سنیں گے، بس یہ میری ریکویسٹ ہے۔ میرے خیال میں ڈی آئی جی صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، پولیس اپنے اس معزز ایوان کے ساتھ رابطے ٹھیک رکھیں، میرے خیال میں اس دفعہ زیادہ استحقاق پولیس پہ آ رہے ہیں۔ شکریہ۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Concerned Minister, to respond, Shaukat Yousafzai Sahib.

<u>وزیر محنت وافرادی قوت</u>: جو بیان آیا ہے وہ یہ تھا کہ ٹیری میں جب عیدالاضحیٰ تھی، اس وقت ایس ایچ کا اپنا بیان آیا ہے کہ بہت زیادہ رش تھا، ان کی کال آئی، میں نہیں سن سکا، بعد میں جو ڈی ایس پی بانڈہ داؤد شاہ تھا، اس کو بھیجا گیا تاکہ ان کا مسئلہ حل ہو لیکن اس کے باوجود جو ڈی پی او نے ایکشن لیا ہے، ایک تو مذکورہ ایس ایچ او کو چارج شیٹ کر دیا گیا، اس کے خلاف انکوائری کا حکم دے دیا، انکوائری ان کے خلاف ہو رہی ہے۔ باقی جو میاں صاحب ہیں، ہمارے لئے بڑے قابل احترام ہیں، اگر ان کو اور بھی ان سے کوئی گلہ ہے، وہ جو کہنا چاہتے ہیں مجھے اس سے کوئی وہ نہیں ہے، اگر یہ کمیٹی میں بھی بھیجنا چاہیں، اس پہ بھی ہمیں کوئی اختلاف نہیں ہو گا کیونکہ ہمیں ان کو ہر صورت مطمئن کرنا ہے لیکن Already SHO کے خلاف کارروائی سٹارٹ ہو چکی ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میاں نثار گل صاحب۔

<u>میاں نثار گل</u>: جناب سپیکر صاحب، میرا یہ مطلب نہیں، ایس ایچ او ہمارے علاقے کا آدمی ہے، آپ نے خود کہا ہے کہ اس کے متعلق انکوائری شروع کی ہے، عیدالضحیٰ اور آج کونسی تاریخ ہے، مطلب تقریباً بیس دن ہو گئے ہیں، کوئی بھی اس کے متعلق ایکشن نہیں لیا گیا ہے، ہاں اس کو شو کاز نوٹس بھیجا گیا ہے، وہ جواب آئے گا، دو سال کے بعد، ایک سال کے بعد، شوکت صاحب، میرا یہ شوق نہیں ہے کہ ایس ایچ او ادھر آئے اور استحقاق کمیٹی کے سامنے پیش ہو لیکن آپ بھی اس معزز ایوان کے رکن ہیں، میں بھی ہوں، کم از کم پولیس والوں کو اتنا سوچنا چاہیئے کہ ایک ممبر اسمبلی اس کو فون کرتا ہے، دو دفعہ میں نے خدا کی قسم اپنے نمبر پر اپنا تعارف کرایا، اس نے سنا، انہوں نے پہچانا بھی لیکن کہا کہ میرے پاس ٹائم نہیں ہے، اس نے فون بند کر لیا۔ یہ کس طرح ایس پی نے ایس ایچ او تھانہ ابھی تک اس کو لگایا ہوا ہے، اس کو چھوڑا ہوا ہے؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: میاں صاحب، آپ اس کو کمیٹی میں بھیجنا چاہتے ہیں کہ نہیں؟

میاں نثار گل: میں چاہتا ہوں کہ اس کو پریولج کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔

وزیر محنت وافرادی قوت: جناب، اس کو کمیٹی میں بھیج دیا جائے، کوئی اعتراض نہیں ہے۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the privilege motion No. 154, moved by the honourable Member, may be referred to the Committee concerned? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The privilege motion is referred to the Committee concerned.

## تحریک التواء

Mr. Deputy Speaker: Item No. 6, 'Adjournment Motions': Mr. Inayatullah Khan, MPA, to please move his adjournment motion No. 331, in the House.

جناب عنایت اللہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کے قواعد وانضباط مجریہ 1988 کے قاعدہ 69 کے تحت اس معزز ایوان میں ایک انتہائی اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے سے متعلق ایک تحریک التواء پیش کرتا ہوں جو کہ حالیہ دنوں پشاور اور اسلام آباد میں مختلف قسم کی ادویات کے میلاپ سے دس ویلر نام سے ایک نیا جان لیوا نشہ مارکیٹ میں آنے اور اس کے استعمال سے چند ماہ کے دوران درجنوں نوجوانوں کے Heart attack سے انتقال کرنے کے نتیجے میں عوام میں پائی جانے والی تشویش سے متعلق ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میڈیا رپورٹ کے مطابق پشاور اور اسلام آباد میں مختلف قسم کی ادویات دس ویلر کے نام سے ایک نیا جان لیوا نشہ تیزی سے مارکیٹ میں Launch ہو رہا ہے جس کے استعمال سے چند ماہ کے دوران درجنوں نوجوان Heart attack سے وفات پا گئے ہیں۔ اس نشہ نے آئس کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے، خاص طور پر نوجوان اس جان لیوا نشے کی لت میں مبتلا ہو رہے ہیں، اس نشے کی روک تھام کے لئے پہلے سے کوئی قانون موجود نہیں ہے، اس وجہ سے یہ نشہ تیزی کے ساتھ صوبہ بھر میں پھیلنے کا خدشہ ہے، ملک بھر میں پھیلنے کا خدشہ ہے۔ کئی سال قبل بروقت قانون سازی نہ ہونے کی وجہ سے آئس نشہ بھی تیزی کے ساتھ نہ صرف معاشرے میں پھیلا بلکہ اس سے تعلیمی اداروں میں پڑھنے والے طلبہ بھی محفوظ نہیں رہے، صوبہ بھر میں ہزاروں لوگ آئس کے نشے میں مبتلا ہیں۔ اب ضلع خیبر، پشاور اور اسلام آباد میں تیزی سے یہ نشہ پھیل رہا ہے جو کوکین، ایفیڈرین، فنرمین اور دیگر Ingredients کے میلاپ سے تیار کیا جاتا ہے، یہ خطرناک نشہ سیرپ اور انجکشن دونوں شکلوں میں

فروخت ہو رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس نشے کے استعمال سے دو ماہ میں درجنوں نوجوان دل اور پھیپڑوں سے متاثر ہونے کے بعد جان سے ہاتھ دو بیٹھے ہیں، اس نشے کی روک تھام کے لئے اگر بروقت اقدامات کا انتظام نہ کیا گیا تو آئس کی طرح یہ بھی تیزی سے نوجوانوں کو اپنی لپیٹ میں لے سکتا ہے، لہذا ان حالات میں اس معزز ایوان میں معمول کی کارروائی روک کر اس انتہائی اہم مسئلے کو زیر بحث لایا جائے تاکہ اینٹی نارکاٹیکس، ایکسائز اور پولیس جیسے اہم محکموں کی موجودگی کے باوجود دس ویلر نامی نشہ کس طرح پھیل رہا ہے؟ متعلقہ وزراء اس بارے میں اصل حقائق سامنے لائیں تاکہ عوام میں پائی جانے والی تشویش کا سدباب ممکن ہو سکے۔ جناب سپیکر صاحب، اس میں میرے ساتھ Co-movers ہیں، سراج الدین خان تو Available نہیں ہیں، حمیرا خاتون صاحبہ ہیں، وہ بھی اس پہ بات کریں گی، میں مختصر بات کرتا ہوں۔ اصل میں یہ نشہ اب اتنا Popular نہیں ہے-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: نہیں، عنایت اللہ، آپ ڈیٹیل میں اس پہ بات کرینگے۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: میں تھوڑا Explain کرتا ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: نہیں، اگر آپ ابھی آئس پہ بات کریں تو پھر ڈیٹیل ڈسکشن کی ضرورت ہی نہیں ہے، آپ نے ایڈجرنمنٹ موشن پیش کی، گورنمنٹ کی رائے لیتے ہیں، آپ اس پہ ڈیٹیل سے بات کریں۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: اگر میں Explain کرنے کی کوشش کروں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: نہیں، ابھی جو ہے، جس طریقے سے، دیکھیں۔

<u>جناب عنایت اللہ</u>: Tradition یہ ہے کہ Explain کیا جاتا ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جب قانون یہ کہہ رہا ہے، جو Rules چلے آرہے ہیں، جو طریقہ کار ہے، وہ سب کے لئے ہے، یہ کافی Important ہے، گورنمنٹ کی رائے لیں، جو جو آدمی ہیں، اس پہ وہ بات کریں۔

<u>وزیر محنت و افرادی قوت</u>: جناب سپیکر، انہوں نے جو زبردست توجہ دلائی ہے، میں ان کو Appreciate کرتا ہوں، اس بات پہ بھی Appreciate کرتا ہوں کہ دس ویلر کا ان کو فارمولہ بھی یاد ہے، انہوں نے جو بات کی، تین اجزاء سے یہ بنتا ہے، Basically یہ مارکیٹ کے اندر ابھی کھلے عام فروخت نہیں ہو رہا ہے اور نہ ہی ابھی تک سامنے آیا ہے لیکن اس کے بارے میں رپورٹس آئی ہیں۔ چونکہ منشیات کے خلاف پہلے سے کارروائیاں ہو رہی ہیں، بڑی مقدار میں منشیات پکڑی بھی جا چکی ہیں، جناب سپیکر، یہ میں سمجھتا ہوں کہ جو NET بن چکی ہے، Narcotics Eradication Team ہے، وہ

پشاور کے اندر Launch کر دی گئی ہے۔ دوسرا جو ANF ہے، جو انٹیلی جنس ادارے ہیں، ان کے ساتھ With coordination وہ بنائی گئی ہے تاکہ خفیہ طور پہ معلوم کیا جاسکے کہ یہ کہاں بن رہا ہے، کس طرح فروخت ہو رہا ہے، کیونکہ اس سے پہلے آئس کا جو نشہ تھا، ہمارے پاس اس کی کوئی قانون سازی نہیں تھی، اسی طرح اس نشے کی روک تھام کے لئے قانون سازی بھی نہیں ہے، اس کے لئے ہم قانون سازی بھی کرینگے، ساتھ ساتھ ہم یہ بھی معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ یہ کہاں سے آ رہا ہے، کہاں بن رہا ہے، کون اس کو پھیلا رہا ہے، کون لوگ یہ Use کر رہے ہیں، کہاں پہ زیادہ ہے؟ جس طرح پچھلے آئس میں تعلیمی ادارے نشانہ تھے، وہ سارے انٹیلی جنس۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت صاحب، یہ آپ کہہ رہے ہیں کہ اس پہ ڈیٹیل ڈسکشن ہونی چاہیئے۔

وزیر محنت وافرادی قوت: مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے، بالکل اگر یہ کرنا چاہیں تو ہم اس کے لئے راضی ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔

The question before the House is that the adjournment motion, moved by the honourable Member, may be adopted for detail discussion? Those who are in favour of it may say ‘Ayes’ and those who are against it may say ‘Noes’.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The ‘Ayes’ have it. The adjournment motion is admitted for detailed discussion.

## توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Deputy Speaker: Item No.7, ‘Call Attention Notices’: Mr. Shahdad Khan, MPA, to please move his call attention notice No. 2019, in the House.

جناب شاہ داد خان: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں وزیر برائے محکمہ خزانہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ محکمہ خزانہ نے اسسٹنٹ پروگرامر جو کہ سکیل 16 میں کام کر رہے ہیں، ان کی پوسٹ کا نام اسسٹنٹ ڈائریکٹر آئی ٹی کر دیا ہے، ان کو سکیل 16 سے سکیل 17 میں Upgrade کر دیا گیا ہے، خیبر پختونخوا محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم میں جو اسسٹنٹ پروگرامر کام کر رہے ہیں، ان کا سکیل 16 ہے، تعلیمی قابلیت محکمہ خزانہ کے اسسٹنٹ پروگرامر کے مساوی ہے، ان تمام اسسٹنٹ پروگرامرز کو بھی محکمہ خزانہ کی طرز پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر آئی ٹی کا نام دیا جائے، ان کا سکیل بھی BPS-16 سے -BPS

17 کیا جائے، جس کی مثال محکمہ خزانہ کا نوٹفکیشن نمبر No. FMIU/FD/3-7/88/Vol-1-2019/Service Rules مورخہ 25-7-2019 ہے، اس سے انصاف کا بول بالا ہو جائے گا، محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم میں موجودہ اسسٹنٹ پروگرامر کی بے چینی بھی ختم ہو جائے گی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی تیمور سلیم جھگڑا صاحب۔

وزیر صحت وخزانہ: جناب سپیکر، یہ ایک HR (Human Resource) کا مسئلہ ہے، HR کے مسئلے حل کرنے کا ایک طریقہ ہوتا ہے اور وہی طریقہ اپنانا چاہیئے، اس کا میں Defense کرونگا، نہ اس کی میں تائید کرونگا، اگر یہ اپنا کیس بنانا چاہتے ہیں، ایک Mechanism ہے، وہ Mechanism کے تحت وہ ایک Application وہاں پہ دائر کریں، وہاں پہ فنانس میں ایک Up gradation committee ہوتی ہے، وہ کیس میرٹ پہ دیکھ لے گی، اگر اس میں وزن ہے تو میں Commit کرتا ہوں کہ وہ Upgrade ہو جائے گا، اگر اس میں وزن نہیں تو وہ Upgrade نہیں ہوگا۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Ms. Humaira Khatoon, MPA, to please move her call attention notice No. 2042, in the House.

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں، وہ یہ کہ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال الائی ڈسٹرکٹ بٹگرام میں پچھلے پانچ مہینوں سے کوئی لیڈی ڈاکٹر نہیں ہے جس کے باعث عوام اور خاصکر خواتین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اس سے کچھ عرصہ پہلے جو دو لیڈی ڈاکٹرز کی تعیناتی ہوئی تھی، انہوں نے علاقے کی پسماندگی کے باعث اپنا تبادلہ کسی دوسرے علاقے میں کروالیا۔ اس سلسلے میں نہ صرف لیڈی ڈاکٹرز کی جلد سے جلد تقرری کو ممکن بنایا جائے بلکہ ان کی تعیناتی کو دیرپا بنانے کے بھی اقدامات کیے جائیں۔

جناب سپیکر صاحب، یہ 30 جولائی کے "ڈان نیوز" کی ایک خبر ہے جس کے مطابق الائی جو علاقہ ہے، یہاں پہ یہ مسئلہ ہے، یہاں پہ مسائل یہ ہیں کہ جو دو لیڈی ڈاکٹرز کو سپرنٹنڈنٹ سے رابطے میں جو بات سامنے آئی ہے، انہوں نے کہا کہ دو ڈاکٹرز کی تعیناتی کروائی گئی تھی لیکن یہ علاقہ بہت زیادہ پسماندہ بھی ہے، دوسرا اس کے ساتھ ساتھ جو ڈاکٹرز وہاں پہ جاتی ہیں، ان کی Facilitation کا وہاں پہ ان کے لئے کوئی انتظامات نہیں ہیں، اس وجہ سے وہ ڈاکٹرز ظاہر ہے اپنی وہ پوسٹنگ کہیں اور کروالیتی ہیں۔ ابھی موجودہ پانچ مہینے سے وہاں پہ ڈاکٹر بھی موجود نہیں ہے، عوام کے بھرپور مطالبہ کی وجہ سے یہ کال اٹنشن سامنے لایا گیا ہے، اگر منسٹر صاحب اس پہ توجہ دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تیمور سلیم جھگڑا صاحب۔

وزیر صحت و خزانہ: جناب سپیکر، میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں، یہ Point out کرنے کے لئے تین چیزیں میں کہوں گا، ایک یہ کہ اس کیس کو ہم Specifically دیکھ لیں گے، کوشش کرینگے کہ وہاں پہ جو ہے، بلکہ آج ہی اگر وہاں پہ لیڈی ڈاکٹر نہیں ہے تو ابھی میری ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ جو میٹنگ ہو گی، آج ہی میں ان کو Direct کرونگا کہ کوئی نہ کوئی پوسٹ کرنے کی کوشش کریں۔ دوسری چیز میں یہ کہونگا کہ چیلنج ضرور ہے کیونکہ بہت سے ہمارے دور دراز علاقوں میں لیڈی ڈاکٹرز تو چھوڑیں جب ہم Male doctors بھی پوسٹ کر لیتے ہیں تو ان کی سفارشیں آنے لگتی ہیں کہ یہاں پہ ہم نے پوسٹ نہیں ہونا، یہ ہمارے سسٹم کی ایک خامی ہے، اس کی میں نشاندہی ضرور کرنا چاہتا ہوں کیونکہ یہ چیزیں ہمیں، گورنمنٹ اور اپوزیشن مل کر ٹھیک کرنی ہیں۔ تیسری چیز میں یہ کہونگا کہ اس کا Permanent حل پہ بھی ہم کام کر رہے ہیں، وہ یہ کہ ہم ڈسٹرکٹس کو اور ہاسپیٹلز کو یہ اختیار دے دیں کہ وہ جہاں پہ گورنمنٹ سسٹم سے لوگ پوسٹ نہیں ہو رہے تو وہ وہاں پہ Contract basis پہ اور دوٹائپ کے کنٹریکٹ پہ ہم غور کر رہے ہیں کہ چاہے وہ سپیشلسٹس ہوں یا چاہے وہ جنرل ڈاکٹرز ہوں، وہ پوسٹ کرا سکیں تاکہ وہ سسٹم چل سکے، ان شاء اللہ وہ بھی جو کنٹریکٹ پالیسی ہے وہ کیبنٹ اگلے مہینے میں کریگی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جی میڈم۔

محترمہ حمیرا خاتون: میں منسٹر صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں، اگر اس میں ایک دو تجاویز کو مدنظر رکھا جائے، ایک تو اگر میں بھول گئی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شکریہ۔

محترمہ حمیرا خاتون: ایک اگر ہم ڈومیسائل پالیسی کو Base کریں، ڈومیسائل پالیسی کی Basis اگر ہم تقرریاں کروائیں تو ایک یہ تجویز ہو سکتی ہے، دوسرا یہ کہ Remote علاقوں میں جو لوگ اگر ہمارے لئے فرائض انجام دے رہے ہیں، ان کو ہم Extra کچھ الاؤنس اگر مقرر کریں، میرے خیال میں اس سے Charming ہو جائے گی۔ شکریہ۔

## تحریک التواء پر بحث

Mr. Deputy Speaker: Thank you, ji. Item No. 14, Discussion on Adjournment Motion of Ms. Nighat Yasmeen Orakzai, MPA, under rule 73.

لطف الرحمان صاحب، دوئ چې اوشی نو د دوئ نه پس به تاسو خبره اوکړئ، بیا چې څوک هم خبره کوی زه ناست یم جی، دا ایډجرنمنټ موشن چې اوشی بیا چې څوک هم خبره کوی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: د دوئ یو دوه منټه دی، ورکړئ جی ورله، زمونږه مشران دی، تاسو خبره اوکړئ جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نه جی، دا ډسکشن اوکړئ نو بیا ټول په Point of Order باندې خبره کول غواړی، ما سره چیټونه پراته دی، بیا ډیر کسان دی، خبره به پرې کوی جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ ابھی عنایت اللہ صاحب نے جو ایڈجرنمنٹ موشن پیش کی تھی، یہ اس ہاؤس میں تیسری چوتھی بار آچکی ہے، اس پہ ایک دفعہ فضل شکور صاحب چیئر کر رہے تھے، انہوں نے کمیٹی بنانے کا فیصلہ کیا کہ ہاؤس کی کمیٹی بنائی جائے، پھر اس کے بعد مشتاق غنی صاحب آنریبل ہمارے سپیکر صاحب ہیں، انہوں نے اس پہ کمیٹی بنانے کا کہا لیکن کمیٹی بن نہ سکی، اس پہ ضروری ہے کہ جس طریقے سے شوکت یوسفزئی نے بات کی، خیر اس پہ ڈیٹیل ڈسکشن بعد میں ہو گی لیکن جناب سپیکر صاحب، اگر اس پہ ایک کمیٹی بن جائے اور وہ بھی اپنی Findings دے، کیونکہ آج کل گولیوں کی شکل میں، میٹھی گولیوں کی شکل میں اس سے بچوں کو اپنی طرف راغب کیا جاتا ہے، بہر حال میں اپنی ایڈجرنمنٹ موشن کی طرف آتی ہوں کہ پولیو جو کہ ایک خطرناک مرض ہے، خطرناک مرض میں اس کو اس لئے کہتی ہوں کہ اس سے اگر ایک بچہ بھی خدانخواستہ Disable ہوتا ہے، اس کا وائرس وہ دوسرے تک پہنچتا ہے، یہ مطلب ایسا ہے کہ جو پھیلنے والا مرض ہے۔ جناب سپیکر صاحب، سب سے پہلے میں ان ٹیموں کو جن ٹیموں میں لیڈی ہیلتھ ورکرز، مرد یا جتنے بھی پولیس کے لوگ شہید ہوئے ہیں، جن پہ فائرنگ کی گئی ہے، میں ان سب کو خراج تحسین بھی پیش کرتی ہوں، ان کی شہادت کو میں بڑا مقام سمجھتی ہوں۔ پولیو جو ہے، یہ لڑمہ میں، شاہین مسلم ٹاؤن میں اور گیارہ یونین کونسلز جو ہیں، جن میں پولیو کا وائرس پایا جاتا ہے، ہمارا خیبر پختونخوا ابھی تک Polio free Province نہیں بن سکا، یہ وائرس نکاسی آب میں ہے، یعنی نکاسی آب میں ہے، نکاسی آب میں نہ صرف پولیو بلکہ ہیپاٹائٹس بھی ہے، کیونکہ ظاہر ہے کہ پائپ سارے پرانے ہو چکے ہیں، گندا پانی ان کے ساتھ ملتا ہے جس سے پولیو اور ہیپاٹائٹس وہ تیزی سے پھیلتا چلا جا رہا ہے۔ ایک اور بات بتاؤں کہ ہمارا جو Free KP Polio تھا، یہ ہمارا مقامی

وائرس نہیں ہے، یہ وائرس دوسرے صوبے سے جو لوگ آتے ہیں، افغانستان سے جو لوگ آتے ہیں، ان کو ظاہر ہے کہ افغانستان ابھی Polio free ملک نہیں بنا، یہ وہاں سے جب آتا ہے تو یہ نکاسی آب میں یہ پولیو کے جراثیم پائے جاتے ہیں۔ جناب سپیکر، یونیسف کے تعاون سے ہم نے 2012ء میں نکاسی آب کے جو پائپ تبدیل کئے گئے تھے، اس سے یہ وائرس بالکل ختم ہو چکا تھا، اس وقت میرا خیال ہے، مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ دو یا تین پولیو کے کیسز تھے، اب پولیو کے کیسز روز بروز بڑھتے چلے جا رہے ہیں، اس کے عالمی ادارہ صحت نے باقاعدہ پولیو وائرس کے نمونے حاصل کئے جو اب نکاسی آب سے لئے گئے، اس میں باقاعدہ طور پہ جو Samples لئے گئے تھے، اس میں پولیو وائرس کی دوبارہ تصدیق ہو گئی ہے، یہ وائرس جو کہ ہمارا افغانستان یا ہمارے دوسرے صوبے جو ہیں، Polio free نہیں ہے، وہاں سے جو لوگ آتے ہیں، نکاسی آب میں یہ پایا جاتا ہے، اس کے بعد مکمل طور پہ اس کے پھیلنے کا خدشہ ہے، میں یہ چاہوں گی کہ اس حساس مسئلے کے لئے ہیلتھ کی ایک سپیشل کمیٹی بنائی جائے۔ میں نے جو گیارہ یونین کونسلز لڑمہ، شاہین مسلم ٹاؤن اور یہ ارد گرد کے نواحی علاقے جو ہیں وہاں سے دوبارہ وہ پانی کے نمونے لئے جائیں، ہمارے پانی کے جو پائپ ہیں، جیسے کہ میں نے پہلے بتایا، پائپ وہ بالکل پرانے ہو چکے ہیں، اس میں جو گندہ پانی ہے وہ جب جاتا ہے تو وہ پولیو اور ہیپاٹائٹس کی وجہ ہے۔ دوسری بات میں یہ کروں گی کہ یہ جو پولیو کے قطرے ہیں، یہ جو دوائی ہے، یہ خاص ٹمپریچر پہ رکھی جاتی ہے، کہیں ایسا تو نہیں کہ پولیو پھیلنے کا ایک تو یہ طریقہ ہے، یہ تو Confirm ہے لیکن ٹمپریچر بھی اس کا باعث بن سکتا ہے، اس طریقے سے جو ہماری پولیو ٹیم ہے، میں چاہتی ہوں کہ اس کی Monitoring صحیح طریقے سے کی جائے، مجھے کچھ لوگوں نے بتایا ہے کہ ہماری جو خواتین ہیں، خود میرے اپنے گھر میں ایک ایسی خاتون رہتی ہے جو یہ کہتی ہے، بلکہ میں تو یہ چاہتی ہوں کہ وزیر صحت میرے گھر پہ چھاپہ ماریں، اس خاتون کو لے کر جائیں، ان کے چار پانچ بچے ہیں اور وہ کہتی ہیں کہ اگر میں نے پولیو کے قطرے پلائے تو میرے بچے نامرد ہو جائیں گے، جبکہ میرے بچوں کی تو شادیاں بھی ہو چکی ہیں، ان کو پولیو کے قطرے بھی پلائے جا چکے ہیں، سب کچھ ہے، ماشاء اللہ ان کے بچے بھی ہیں، یہ ہم نے، یہ ممبر پہ بیٹھے ہوئے لوگوں کا کام ہے، یہ ہمارے پارلیمنٹیرین کا کام ہے، یہ میڈیا کے لوگوں کا کام ہے، یہ میڈیا والے ہیں، جو ممبر پہ بیٹھنے والے لوگ ہیں، ہم لوگ تو شاید اتنے مؤثر نہ ہوں کیونکہ ہماری جو آواز ہے وہ ایک سیاسی آواز سمجھی جاتی ہے، شاید یہ سیاسی بات کر رہے ہیں، میڈیا آزاد ہے، آزاد تو خیر نہیں ہے، اس کو تو اتنے بڑے بڑے تالے لگے ہوئے ہیں، بہر حال میڈیا لکھ سکتا ہے، پولیو پہ، میڈیا اس پہ

بات کر سکتا ہے، میں اپنے تمام جتنے بھی میرے یہاں پہ بھائی بہنیں بیٹھی ہوئی ہیں، میں ان کو یہی کہوں گی کہ اپنی ایک ایک ویڈیو وہ Upload کریں، فیس بک پہ تاکہ دور دراز کے لوگوں کو پتہ چلے کہ پانی کو ابال کر پینا ہے، پانی کو صاف کر کے پینا ہے تاکہ یہ قطرے اس میں نہ رہیں۔ جناب سپیکر صاحب، خود مجھے معلوم ہوا ہے کہ جو ٹریننگ والی خواتین جاتی ہیں، اب میں نام نہیں لینا چاہتی لیکن ہیلتھ منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میں ان کے نالج میں یہ بات ضرور لانا چاہوں گی کہ وہ خود یہ کہتی ہیں کہ یہ قطرے نہ پلائیں، یہ قطرے صحت کے لئے مضر ہیں، اس میں زیادہ تر Role ہمارے مذہبی جماعتوں کا بھی ہے، Sorry میں مذہبی جماعتوں کا بہت احترام کرتی ہوں، میں علماء کی بہت قدر کرتی ہوں، ہمارے جو مولوی حضرات ہیں، مولوی حضرات کو چاہیئے کہ وہ اس چیز کو آگے بڑھائیں، ممبر پہ بیٹھ کے جمعہ کے خطبے میں بجائے سیاست کے ان چیزوں کو اگر وہ Highlight کریں، اپنے ممبر پہ بیٹھ کر جمعہ کے دن اگر وہ خطبہ دیں، ان معاشرتی برائیوں کے بارے میں، ان بیماریوں کے بارے میں، تو شاید ہمارا معاشرہ وہ آہستہ آہستہ بے حیائی کے بارے میں جو دوسری چیزیں ہیں، ہمارے بچے آج کل جس طریقے سے بے راہ روی کا شکار ہیں، نشے کی طرف جارہے ہیں، دوسری چیزوں کی طرف جارہے ہیں، اس کے لئے میں نے Civic Bill جمع بھی کروایا ہے، میں نے جو Civic Bill بھی جمع کرایا ہے، ایجوکیشن پہ اور Civic Education پہ میں نے ایک قرارداد بھی جمع کرائی ہے، پتہ نہیں اس کی باری کب آتی ہے؟ اللہ کرے جلدی آجائے، اس میں ہم لوگ باقاعدہ طور پہ اس چیز کو صحیح طریقے سے لے کر جائیں گے، میری آپ سے درخواست یہ ہو گی کہ آپ اور میری مذہبی جماعتوں سے یہ مولانا صاحبان بیٹھے ہوئے ہیں، ظاہر ہے کہ ان لوگوں کی میں بہت زیادہ قدر کرتی ہوں کیونکہ یہ وہ مولوی نہیں ہیں کہ جو بالکل کہتے ہیں کہ نہیں ہم نے قطرے نہیں پلوانے ہیں، نہیں جی، ہم یہ قطرے نہیں پلاتے ہیں، یہ ہمارے جتنے بھی یہاں پہ مذہبی جماعتیں بیٹھی ہوئی ہیں، یہ ایک سوچ رکھتی ہیں، ایک آزاد سوچ، وہ نہیں جو بے راہ روی کی طرف جائے، یہ ایسی سوچ رکھتی ہیں کہ جو قوم کو گمراہی سے بچا سکتی ہے۔ میں ان سے یہ درخواست کروں گی کہ ہماری جو مذہبی جماعتیں ہیں وہ ممبر پہ بیٹھ کر ان تمام چیزوں کا پرچار کریں۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه، جناب سپیکر، د نگهت بی بی هم شکریه ادا کوم چې ډیره اهم موضوع ئے د تحریک التواء په شکل کښې راوستې ده، دا یو ډیره

زیاته سیریس مسئله ده او Technically څنګه چې نګهت بی بی خبره اوکړه، دا اهم یوه مسئله ده۔ مونږه ایټمی قوت یو خو مونږ پولیو ډراپس پخپله هم نه شو جوړولې او جوړول ډیره لویه خبره ده، په کوم ټمپریچر کښې دا ساتل پکار دی، دا زمونږ د ټولو د پاره سوالیه نشان دے چې هغه ټمپریچر هم مونږ برابر نه شو ساتلے، بالکل ډاکټران هم دا خبره کوی، ټیکنیکل سټاف هم دا خبره کوی چې یوه وجه دا هم ده، اهم وجه چې کومه ده هغه دا ده۔ انسان حیران شی، یو طرف ته زمونږ په دې خاوره کښې د پولیو ډراپس خلاف په مذهبی ځایونو کښې او د مذهبی مشرانو د خولې نه بیا بیا هر ځائې کښې د پولیو ډراپس مخالفت کیږی او دا روان دے، دا Publically کیږی جناب سپیکر، په لاؤډ سپیکرو کښې کیږی، جنازو کښې کیږی ځکه چې اوس خو جنازې هم جلسې دی او جماعتونه هم جلسې دی او مدرسې هم جلسې دی او دا بیا هغلته کیږی، At the same time که مونږه اوګورو نو د پولیو کارکنان صرف د پښتنو په خاوره کښې وژلې کیږی، مونږ ګورو چې د تیرو دیرشو کالو نه یا د پینځه دیرشو کالو نه یا د کله نه چې د پولیو ډراپس دلته راغلی دی نو نوښنار کښې به چې د پولیو ډراپس دا ماشومانې بچیانې په کورونو کښې ورکوی چې کوم سیکیورټی ګارډ ورسره ګرځی نو د ورځې په رڼړا کښې ئے اولی یا هغه بچیانې اولی، دا کار سرګودها کښې نه کیږی، دا کار ګجرات کښې نه کیږی، دا ساهیوال کښې نه کیږی۔ دا ډیره ښه خبره ده، مونږ پرې خوشحاله یو خو سوال دا دے چې زمونږ دلته سټیټ موجود دے، حکومت موجود دے، مونږ پخپله اولس موجود یو، مونږ دا لیدل غواړو چې خدائے مه کړه، دا د پښتنو دا بچی چې دی، دا دې په جسمانی توګه، دا خو د خدائے فیصله ده چې په جسمانی توګه باندې معذوره پیدا شی نو دا د هغې علاج دے، چې معذوره نه پیدا کیږی نو بیا خو په ښکاره توګه دا پته لګی، لکه په تیره هفته کښې، په تیرو پینځلس ورځو کښې پینځه واقعات شوی دی، پینځه مردان کښې او دوه نور واقعات شوی دی، د افسوس خبره اوس دا ده چې اول خو زه یو Political will موجود وو، ولاړ به وو خلق، اوس دا Target killing رپورټ کیږی هم نه، ما کم از کم د حکومت نه مذمتی بیان هم او نه کتلو جناب سپیکر، او دا المیه ده چې کله بیا مونږه عوامی نیشنل پارټی دا خبره کوؤ

چې دا د پښتنو خلاف سازش دے نو بیا مونږ باندې الزام لګی۔ زه نن دا خبره چیلنج کوم چې که مونږ دا خبره غلطه کوؤ نو زمونږه Guidance اوکړئ، زمونږ رهنمائی اوکړئ، د پولیو ډراپس یعنی دا دومره لویه مسئله ده، هر چا سره شناختی کارډ موجود دے، زمونږه صوبه کښې چې یو یو کور پاتې کیږی، دا ټول د حکومت په نقشه پراته دی، یعنی یو محله داسې نشته چې هغه زمونږد Jurisdiction نه یا د حکومت د Writ نه خدائےمه کړه چې بهر وی، دا ډیره سیریس خبره ده، دا ډیره عجیبه خبره ده چې په رستم کښې به په غرمه کښې بچیانې ګرځی، په کورونو کښې به ډراپس ماشومانو له ورکوی او د ورځې په رنړا په مین روډ باندې خلق راځی او دوه پولیس به وژنی او بیا به هغوی اوځی، بیا به ئے هډو پته نه لګی۔ دا سلسله د پینځه څلویښت کالو راهسې راروانه ده۔ښه نو بیا دې المیی ته اوګوره چې دا ظلم روان دے خو چې کوم پښتون خبره کوی نو بیا به ورته یا دهمکئ ملاویږی یا به ورته مثال ټارګټ کیږی یا به ورته وائی چې بچی درله تښتوم یا به ورپسې فائل رااوباسی یا به ئے عدالت کښې شکنجه کوی یا به ورله میډیکل ټرائیل کوی، تاسو اوګورئ نن چونکه دا مسئله د پولیو ده، په دې شکل که عوامی نیشنل پارټی دلته د اولس سیاست کوی، باید چې واضح موقف لری، دا سازش دے، د پښتنو نسل کشی روانه ده، زه دا مطالبه او دا خواست او دا طمع د پی ټی آئی نه هم کوم چې ووټ خو مونږه د دې پښتنونه غواړو، بیا به مونږه د دې پښتنو نمائندګی کوؤ، دا غوښتنه به مونږ د جمیعت نه هم کوؤ، دا به مونږ د مسلم لیګ نه هم کوؤ، دا مسئله په پښتنو کښې د پښتنو په خاوره کښې سیاسی په دې شکل نه ده چې ګنی د چا سیاسی وابستګی ده، نن تاسو اوګورئ زمونږ د مرکزی ورکنګ کونسل مشر په بلوچستان کښې اغواء شو، لاش ئے مونږ له راکړو چې دا لاش واخلئ، بیا به خلق د ریاست په کارګزارئ باندې سوالونه پورته کوی نو بیا به وائی چې دا جماعت Anti state دے یا دا ممبر یا دا فرد Anti state دے، مونږ هیڅ څوک Anti state نه یو، Anti state هغه خلق دی، هغه قبضه مافیا ده چې چا د ریاست پاکستان نه Deaf state جوړ کړے دے، دا کوم ماحول دے؟ په دې ماحول کښې چې پښتانه بچی په جنګونو کښې پیدا شو، په جنګونو کښې لوئے شو او په جنګونو کښې مړه شو خو

پته مونږ ته اونه لګیده چې په کوم ګناه باندې پښتنو سره دا عمل روان دے؟ دا د ټولو پښتنو ذمه واری ده،دا خبرې اوس سیاسی نه دی، دا قومی دی۔ جناب سپیکر، تاسو اوګورئ دلته یعنی حال څه دے؟ روزانه مونږ پسې د باجوړ او د دې خیبر او د دې کرم او د دې وزیرستان خلق راروان دی، وائی چې دا مونږ ته ټیلیفونونه کیږی، په پنجاب کښې که په یو پلازه کښې یو پښتون وړه غوندې کهوکه د موبائل ولې نه ده کهلاؤ کړې، د هغه ځائې نه ورته ټیلیفون کیږی چې ته بهته راوړه، دا ایشو چې ده دا Intentionally use کیږی، زه به په دې هاؤس کښې د ټولو سیاسی جماعتونو نه دا خواست کوم چې زه دې میډیا ته مخامخ شم، مولانا صاحب دې مخامخ شی، جماعت اسلامی دې مخامخ شی، هر مشر دې مخامخ شی او دې ټول اولس ته دې اووائی چې دا د پولیو ډراپس چې دی، دا خپلو بچو ته ورکول دا لازمی دی، کوم خلق چې زمونږ په خاوره د دې پولیو ډراپس مخالفت کوی، مونږ سره د انټیلی جنس اداری شته، زه به حکومت ته خواست کوم چې یو سیکنډ هغې کښې نوره کوتاهی او نه شی، دا د مذهب په نامه چې زما په خاوره کوم Game روان دے، دا تباهی دوئ راوړه، مونږ د مذهب خلاف خو نه یو، که زه مقتدی یو ممبر جوړیدے شم نو د جماعت په امام د ممبر په جوړیدو اعتراض نشته، اعتراض په دې خبره دے چې دا د پیغمبر وراثت چې دے، دا د جماعت، دا د ممبر او دا د مدرسې مهتمم چې دے، هغه هم د هغه ځائې دے، سیاسی، ذاتی، حکومتی اختیار حاصلولو دپاره نه استعمالوی، اعتراض په هغه خبره دے۔ چونکه دې مسئلې سره زمونږ صوبه مخ ده، دې مسئلې سره پنجاب نه دے مخ، دې مسئلې سره سندھ نه دے مخ او دا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بابک صاحب، د جمعې ورځ ده، ممبران نور هم خبرې کوی۔

جناب سردار حسین: دا څلویښت کاله اوشو یا پینځه څلویښت، پینځه کم څلویښت کاله اوشو، زه به ستاسو نه هم دا ګزارش کوم چې د دې Specific مسئلې د پاره که مونږ هم د ټولو سیاسی جماعتونو یوه جرګه جوړه کړو، مونږ حکومت ته کوم سفارشات کولے شو، حکومت سره مونږ په دې مسئله کښې کومه مرسته کولے شو، زمونږه مرسته به حکومت سره په دې مسئله کښې بالکل په ډاګه وی او زمونږ که دا یو کمیټی جوړه شی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نعیمہ کشور صاحبہ، جی نگہت اور کزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، میں آپ کی وساطت سے آپ کو مخاطب کرتے ہوئے آپ سے ہاتھ جوڑ کر ریکویسٹ کرونگی کہ اس ہاؤس کی ایک اسپیشل کمیٹی پولیو پہ بنائی جائے تاکہ وہ یہ تمام Findings دے کہ کون کونسی یونین کونسل، یا اس پہ ڈسکشن کی جائے، ہم کیسے پولیو کو Stop کر سکتے ہیں ورنہ ہماری آنے والی نسل جو ہے وہ Disable ہوگی، خدانخواستہ اللہ میرے منہ میں خاک ڈالے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نعیمہ کشور صاحبہ۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ بہت افسوس سے مجھے یہ کہنا پڑ رہا ہے۔۔۔۔۔

(ظہر کی اذان)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: جناب سپیکر صاحب، پولیو کے لئے جب 2002ء میں ہم نے کام شروع کیا، میں اسی ایوان کا حصہ تھی، ایم ایم اے کی گورنمنٹ تھی، آج بھی مجھے یہی سننے کو مل رہا ہے کہ آج ہم بیٹھ کر کمیٹی بناتے ہیں کہ پولیو کو کیسے ختم کریں، جہاں سے ہم چلے تھے وہیں پہ کھڑے ہیں، مجھے فخر ہے کہ جتنا زیادہ کام ایم ایم اے کی گورنمنٹ نے اس وقت کیا تھا، علماء نے مل کر کیا تھا، میں چیلنج کرتی ہوں، آج اگر اس میں کسی نے کیا ہے، آج یہاں پہ بیٹھ کر مجھے بھاشن دیا جا رہا ہے کہ علماء کرام اس میں رکاوٹ ہیں، جتنا اس وقت علماء کرام نے صوبے کے ایک سرے سے لے کر دوسرے سرے پہ ہم خواتین نے مل کر اس میں کام کیا تھا، میرے خیال میں آج تک کسی نے نہیں کیا لیکن افسوس کا مقام ہے کہ افغانستان جو جنگ زدہ علاقہ ہے، وہاں تو سمجھ آتی ہے کہ وہاں پہ وہ ختم ہو گیا ہے لیکن پاکستان میں ختم نہیں ہوا، وہاں پہ یہ ایک خوش آئند بات ہے کہ اس پورے سال میں کوئی ایک بھی کیس رجسٹرڈ نہیں ہوا، یہ ایک اچھی بات ہے کہ ان 365 دنوں میں کوئی ایک بھی کیس رجسٹرڈ نہیں ہوا، یہ میں ریکارڈ پہ لانا چاہ رہی ہوں، یہ ایک اچھی بات ہے لیکن ہمیں یہ سوچنا ہوگا کہ 2017ء میں ہم جس پوزیشن پہ گئے تھے، اس سے پیچھے ہم کیوں آئے؟ 2017ء میں ہم ایک بہتر پوزیشن پہ اس کو لے کر گئے تھے، یہ کیسز کم ہوئے تھے، یہ صرف KP کا مسئلہ نہیں ہے کہ صرف KP کا مسئلہ ہے، یہاں پہ بات ہوئی کہ پانی کو ابال کر پیا جائے، ہمارے جو منرل واٹر ہم پیتے ہیں، ابھی ایک مہینہ پہلے اس کے ٹیسٹ ہوئے ہیں، اس کا جو ٹیسٹ رزلٹ آیا ہے، اس میں ستائیس کمپنیوں کا جو پانی ہے وہ معیار کے مطابق نہیں ہے، ہم عام استعمال کے پانی کی کیا بات کریں کہ ہمارے عام

استعمال کا پانی وہ صحیح نہیں ہے، ابھی پچھلے، میرے خیال میں تین سال پہلے ہمارے صوبے کا ایک کیس رجسٹرڈ ہوا ہے، وہ اس خاتون کے اپنے بچے کا رجسٹرڈ ہوا ہے جو خود پولیو ورکر ہے، اگر ہماری ٹریننگ کا یہ حال ہے کہ اس نے اپنے بچے کو نہیں پلایا، اس کے اپنے بچے میں پولیو کا وہ کیس رجسٹرڈ ہوا تو پھر ہم کس سے گلہ کریں؟ میرے خیال میں یہ باتیں نہ کریں، آپ کے علماء کرام کے بارے میں پوچھ لیں، آپ ریکارڈ منگوائیں، آپ کی ہر کمیٹی کا ممبر آپ کے علماء کرام ہیں، ہاں جو چند لوگ آپ کا ساتھ نہیں دے رہے وہ آپ کہہ سکتے ہیں، اس کو آپ اس Category میں نہ لائیں۔ آپ لوگوں نے بڑی کوشش کی کہ کورونا کو علماء کرام اور مدارس پہ ڈال دیا جائے، تراویح پہ ڈال دیا جائے، اس کو رمضان میں ڈال دیا جائے لیکن نہ ڈال سکے، کورونا کی بات سمجھ میں آتی ہے کہ آپ کے پاس ویکسینئن نہیں تھی لیکن پولیو کی ہمارے پاس ویکسینئن ہے، ہم کب تک کسی سے مانگ کر یہ قطرے پلاتے جائیں گے، جب تک ہم خود اس میں نہیں لے کے آئیں گے؟ ایک اہم چیز جس پہ میں بات کرنا چاہتی ہوں، میں اکثر پولیو کے پروگراموں میں خود جاتی ہوں، میں اکثر Participate کرتی ہوں، قطرے بھی پلاتی ہوں، میں اکثر ان سے کوئسچن کرتی ہوں کہ مجھے یہ چیز سامنے آتی ہے کہ اکثر جو ہمارا عملہ ہے، میں فلور پہ بھی کہتی ہوں، یہ ٹھیک ہے کہ یہ ریکارڈ پہ ہے، بات یہ ہے کہ یہ باہر جاتی ہے، اچھی بات نہیں ہے لیکن یہ چیز بھی آتی ہے کہ ہمارا عملہ خود بھی نہیں چاہتا کہ یہ ختم ہو، کیونکہ پھر ہماری فنڈنگ رکتی ہے، اس سے پاکستان فنڈنگ لیتا ہے، پھر جب یہ چیزیں آتی ہیں تو پھر آپ علماء کرام کو کیوں ٹارگٹ کرتے ہو؟ اس پہ تو آپ فنڈنگ لیتے ہو، فنڈنگ کے لئے تو پھر آپ وہ کہتے ہیں کہ جب ہم Samples لیتے ہیں تو اس میں وہ وائرس ڈالا جاتا ہے ہیں، وہ جو وائرس ہوتا ہے، اس کو خالی کیا جاتا ہے، مجھے Of the record کچھ اس کے سٹاف نے بتایا تھا، آپ کے پولیو ورکرز کے سٹاف نے، میں بار بار یہ کہتی ہوں کہ ان کو ٹریننگ کی ضرورت ہے کیونکہ اس سٹاف سے ہم بھی ملتے ہیں، وہ اکثر ہمیں کہتے ہیں، میڈم، ہم کیا کریں؟ ہم خود نہیں چاہتے کہ ہم ان کو پلائیں لیکن مجبوری ہے، گورنمنٹ کہتی ہے، پھر آپ ان ورکرز کو تنخواہیں نہیں دیتے، ان سے کام لیتے ہو، ان کی وہ نہیں کرتے، تو پھر ہم کیا کریں؟ میرے خیال میں بہت ساری چیزیں ہیں جو گورنمنٹ کو اس پہ توجہ دینے کی ضرورت ہے، اس وباء کو اور یہ ایک چھوٹی چیز نہیں ہے، اس سے ہمارے ملک پر معاشی پابندیاں لگتی ہیں، یہ ہمارے ملک کا مسئلہ ہے، یہ صوبے کا مسئلہ نہیں ہے، یہ آپ کسی جماعت پہ آپ اپنی سیاست کو چمکانے کے لئے اس کو نہ کریں، اگر آپ اپنی لسانی اس کو لے کر آپ اپنی سیاسی دکان چمکا سکتے ہو تو سیاست میں اپنے مذہب پہ

اپنی مذہبی جماعتوں پہ مجھے فخر ہے کہ میں اس پہ کروں، میرے خیال میں اپنی لسانی بنیادوں پہ آپ اپنی سیاست کو نہ چمکائیں، مذہبی جماعتوں کو ٹارگٹ نہ بنائیں، یہ ایک ملکی ایشو ہے، اس کو ملکی ایشو کے طور پہ لینا چاہیئے، یہ چھوٹا ایشو نہیں ہے، اس پہ میرے خیال میں اگر ہم نے اس مسئلے کو حل نہ کیا، ہمارے ملک پہ انٹرنیشنل پابندیاں بھی لگ سکتی ہیں، یہ ایک ایسا ایشو نہیں ہے کہ آپ کہتے ہو مدرسے میں یہ ہو رہا ہے، مساجد میں یہ ہو رہا ہے، ایسا بالکل نہیں ہے، بالکل غلط ہے کیونکہ ہم نے خود اس پہ کام کیا ہے، ہم نے اس پہ خود ایکشن لیا ہے، ہماری ایم ایم اے کی گورنمنٹ نے، آپ اس کا Ratio خود نکال کر دیکھ لیں، بہت حد تک ہم اس کو کم کر چکے ہیں۔ میرے خیال میں ان چیزوں کو آپ سیاسی رنگ نہ دیں۔ اس کو، ایک قومی ایشو ہے، قومی ایشو کے طور پہ لے لیں، اس کے حل کے لئے گورنمنٹ اور اپوزیشن مل کر کام کریں۔ تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو جی۔ مولانا صاحب، میں ایک وضاحت کر دوں، پھر آپ بات کریں، میڈم نے کہا، کمیٹی کا ذکر کیا، میرے نالج میں اس ہاؤس سے بڑی کمیٹی کوئی نہیں ہے، جب ایک ایڈجرنمنٹ موشن پیش ہوتی ہے، اس پہ ہاؤس میں ڈیبیٹ ہوتی ہے، ہماری Already health کی سٹینڈنگ کمیٹی موجود ہے، میں چیئرپرسن کو یہاں سے ہدایت دیتا ہوں کہ وہ میڈم کی جو باتیں ہیں، جو ممبرز اس پہ کام کرنا چاہتے ہیں تو سٹینڈنگ کمیٹی کی چیئرپرسن میڈم نگہت اور کزئی صاحبہ کے ساتھ بیٹھیں، ان کی جو باتیں ہیں اس پہ کام کریں۔ تھینک یو۔ جی مولانا صاحب۔

<u>جناب لطف الرحمان</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ صوبائی اسمبلی، ان کے ممبران، ان کی انتہائی ذمہ دار حیثیت ہے، جب اسمبلی میں ہم بات کریں تو وہ بھی پوری ذمہ داری کے ساتھ کرنی چاہیئے، یہ ہم سب کا فرض بنتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو مسائل اس طرح کے ہوں کہ جو قومی مسئلہ ہو، ہمارا ایک قومی فریضہ بنتا ہو، جس طرح ابھی یہ پولیو کے حوالے سے نگہت اور کزئی صاحبہ نے قرارداد لائی ہے، ممبران نے اس پہ بات کی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ جب ایک قومی مسئلہ ہو، آپ کی پوری قوم اس کے لئے اکٹھی ہو، اس مرض کے خلاف، اس بیماری کے خلاف لڑنا ہو تو اسی طرح ہمیں اس کی ذمہ داری نبھانی چاہیئے، یہ ہر ایک کی ذمہ داری بنتی ہے، اگر حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے تو اسی طرح ہم اسمبلی کے ممبران ہیں، ان سب کی ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم کس طرح اس مسئلے سے چھٹکارا حاصل کر سکتے ہیں، پورے پاکستان کو اس بلا سے کس طرح چھٹکارا دلا سکتے ہیں؟ ہمیں اس ذمہ داری کو پورا

کرنا چاہیئے نہ کہ ہم یہاں پہ کھڑے ہو کر اس کو قوم پرستی کے ساتھ جوڑیں یا اس کو مذہب کے ساتھ جوڑیں، میں اس بات کو نہیں سمجھتا کیونکہ یہاں پہ ایم ایم اے کی حکومت گزری ہے، جس طرح نعیمہ کشور نے بات کی ہے، ہم نے اس پہ بھرپور ایک مہم چلائی تھی، آج بھی جب پولیو کے قطرے پورے علاقے میں یا کہیں پر بھی ٹیم جاتی ہے، ہم سب اس کے ساتھ تعاون کرتے ہیں، خود ہمارے قائد مولانا فضل الرحمان صاحب جو ہیں، انہوں نے خود اس ٹیم کے ساتھ مل کر وہ تصاویر بھی بہت اس پہ آئی ہیں کہ وہ قطرے خود پلا رہے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہماری سب کی ذمہ داری ہے، اس کو اس طرح آسانی کے ساتھ جوڑ دینا، میں سمجھتا ہوں کہ اس کے خلاف کوئی مہم چلائی جاتی ہے یا اس حوالے سے اس میں کوئی رکاوٹ بنتے ہیں، وہ کون لوگ ہیں، گورنمنٹ اور ہم سب اس کو تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں، ہو سکتا ہے کہ وہ ظاہری طور پر اس چیز کو نہ سمجھتے ہوں، ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم یہ چیز، یہ جو ماحول ہے، اس کو ہم بہتر کس طرح بنا سکتے ہیں، لوگوں کے ذہنوں سے کس طرح ہٹا سکتے ہیں کہ وہ ذہن ٹھیک ہو، وہ سمجھیں کہ یہ بیماری ہے، یہ قوم کے لئے ٹھیک نہیں ہے۔ اس بیماری سے ہمیں چھٹکارا دلانا ہے، یہ سب پر فرض ہے، ہمارے سمجھانے میں شاید کمی ہو گی، ہم شاید نہیں سمجھا سکے اور جو کمی رہ گئی ہے، وہ لوگ اس طرح کی کوئی حرکت کرتے ہیں تو خدارا اس کو مذہب کے ساتھ جوڑنا، قوم پرستی کے ساتھ جوڑنا، پشتونوں کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے، یہ تو پورے ملک میں، سندھ میں بھی ہے، بلوچستان میں بھی ہے، KP میں بھی کیسز آئے ہیں، ہمیں مشترکہ طور پہ اس کے ساتھ مل کر اس کو کس طرح اس ملک سے نکال سکتے ہیں؟ ہمارا اس میں بھرپور تعاون ہے، ہر لحاظ سے، ہماری جماعتیں اس حوالے سے ہر لحاظ سے بھرپور تعاون کر رہی ہیں۔ ہمارے اپنے خاندان کے بچے سب پولیو کے قطرے پیتے ہیں، اگر اس طرح کی بات ہوتی تو شاید میں سمجھتا ہوں کہ اگر ایک سیاسی پلیٹ فارم ہے تو پھر کوئی جماعت کی طرف سے کوئی اس قسم کی بات ہوتی خدانخواستہ، ہم تو اپنی ایک ذمہ داری سمجھتے ہیں، میں نہیں سمجھتا کہ اسمبلی کے فلور پر اس طرح کوئی غیر ذمہ دارانہ بات کی جائے، یہ ٹھیک بات نہیں ہے، میرے محترم بابک صاحب نے بات کی ہے، ہمارے محترم ہیں لیکن یہ بات Floor of the House مجھے بتانا پڑی ہے کہ ہم سب جو بھی بات کریں ذمہ داری کے ساتھ کریں، اس حوالے سے یہی بات تھی۔ میں ایک اور بات کرنا چاہتا تھا کہ گورنمنٹ کی طرف سے ایک قرارداد آ رہی ہے، کوئی دفعہ 144 کے حوالے سے اور وہ National commission for Minorities کے سلسلے میں فیڈرل کو سفارش کی جا رہی ہے، میں تھوڑا سا پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ

جو قرارداد ہے، ایک تو فیڈرل کی سطح پر ایک کمیشن بنا ہوا ہے، پہلے سے بنا ہوا ہے، مجھے یہ بھی سمجھ نہیں آتی کہ اگر یہ سمجھایا جائے کہ یہ یہاں سے قرارداد کیوں اسمبلی میں پیش کی جارہی ہے؟ جبکہ ہمارا صوبہ خود اس میں قانون سازی کر سکتا ہے تو پھر ہمیں خود قانون سازی کرنی چاہیئے، بجائے اس کے کہ ہم خود ذمہ داری اپنی پوری کریں، ہم فیڈرل گورنمنٹ کو کیوں دے رہے ہیں؟ میں نے پہلے سے اس لئے اس پہ بات کی، ہمیں ذرا سمجھایا جائے کہ یہ کیوں قرارداد لائی جارہی ہے، اس کی وجوہات کیا ہیں؟ جبکہ کمیشن فیڈرل گورنمنٹ کا Already بن چکا ہے، اگر ہماری ذمہ داری ہے تو قانون سازی اسمبلی کو کرنی چاہیئے نہ کہ کوئی قرارداد پیش کرنی چاہیئے۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تیمور سلیم جھگڑا صاحب، شارٹ اس لئے کہ جمعے کا دن ہے، ایک دو تین بندوں نے Point of Order پہ بات کرنی ہے۔

وزیر صحت و خزانہ: جی بالکل، صحیح ہے، شارٹ بات رکھیں گے۔ میں جلدی سے نگہت اورکزئی بی بی کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے میڈیا کی آزادی کو Recognize کیا جو اس حکومت میں دی گئی ہے۔ باقی میں اپوزیشن کے مسئلوں پر جو انہوں نے آپس میں کیا ہے، اس پہ Comment نہیں کرونگا، پولیو بڑا ایک سنگین چیلنج ہے، ہمارے لئے ویکسینیشن دینا، چاہے آپ اس کو ہیلتھ کی سٹینڈنگ کمیٹی میں Handle کرنا چاہتے ہیں، چاہے اس کے لئے آپ کوئی specific کمیٹی بنانا چاہتے ہیں، میں دونوں کو سپورٹ کرونگا۔ میں دو تین باتیں کہونگا، وہ یہ کہ ایک ہم اتنے قریب ہیں، پولیو کی Eradication سے اتنے قریب ہیں، کوئی سال ہو گیا کہ کیس نہیں آیا، پہلی بار پشاور میں Environmental sample صاف ہے، Overall جو Environmental samples کا Passing rate ہے وہ پہلی بار Eighty five percent سے زیادہ ہو گیا ہے، اس سفر میں اونچ نیچ آئی ہے، یہ یقیناً پاکستان کو بیس تیس سال نہیں لگنے چاہیئے تھے لیکن جو پہلے ٹائم لگا ہے، اس کے ہم Responsible نہیں ہیں لیکن ان چیلنجز میں جو میں کہہ رہا ہوں، نہ تو میں Agree کرتا ہوں نہ اس کو Politicize کرنا چاہیئے، نہ اس میں غلط بیانی اس طریقے سے کرنی چاہیئے کہ کام بالکل نہیں ہو رہا، Ninety nine percent بچوں تک تقریباً پہنچ رہے ہیں، اب چیلنج یہ ہے، جو آخری One percent ہے یا Two percent ہے، پولیو کا خاتمہ وہاں سے ہوتا ہے، وہ ہونا، Obviously اس کے لئے زیادہ Effort چاہیئے، زیادہ چیلنج چاہیئے۔ اب اس میں میں صرف یہی کہونگا کہ کارکردگی دکھا دی ہے، یہ ساری Improvement پچھلے سال میں آئی

ہے، جب نیچے جاتے ہیں، ان ایریاز میں جاتے ہیں، جب ڈیٹا کی انٹری غلط ہوتی ہے، پریشر جو ہے وہ غلط لگتا ہے، ہم نے پچھلے سال ایک سال میں Solve کر دیا ہے، پچھلی جو تین چار Campaign رہی ہیں، ان میں میں نے خود کوشش کی ہے کہ ٹیم کو چیلنج کروں کہ وہ کیا اقدامات ہونگے جو آخری One percent پہ ہمیں لے جائینگے؟ ٹیکنالوجی کا استعمال زیادہ کریں، Environmental sampling جو ہے وہ زیادہ کریں؟ ان سب پہ بات ہو رہی ہے اور دو Focused areas ہیں، پشاور کی اٹھارہ یونین کونسلز اور ساؤتھ کے پانچ چھ اضلاع زیادہ Risk پہ ہیں، میں بات کو زیادہ آگے نہیں بڑھاؤنگا، سٹینڈنگ کمیٹی میں بات کرتے ہیں یا سپیشل کمیٹی میں بات کرتے ہیں یا میں سارے جو ایم پی ایز ہیں، ان کے لئے پولیو ٹیم کے ساتھ اور چیف سیکرٹری کے ساتھ، کیونکہ وہ ٹاسک فورس کو Head کرتے ہیں، ایک سپیشل سیشن رکھ دونگا، یہ میں کہونگا، جب ہم اس کو ڈسکس کریں، اس میں ہم Leadership کو لیتے ہیں، یہ میں Recognize کرتا ہوں کہ پولیو کی Campaign میں زیادہ تر اپوزیشن کے بھی ایم پی ایز جو ہیں وہ اپنا Role ادا کرتے ہیں، Campaign کے دوران، یہ خوش آئند بات ہے، پولیو کی Vaccination کی جب بات کریں تو اس وقت یہ بھی بجا ہوگا کہ ہم بات کریں جو ایک Immediate جتنا سنگین چیلنج ہے، Covid کی Vaccination جتنی جلدی ہوگی، یہ Covid کی چوتھی پانچویں چھٹی لہر نہیں ہوگی اور ساتھ میں جو Routine vaccination، جو Routine کی Immunization ہے جس میں ہم نے خاطر خواہ Improvement کی ہے لیکن ایک بڑا چیلنج ہے، یاد رکھیں کہ پولیو کے زیادہ کیسز وہاں پہ آتے ہیں جہاں پہ Routine immunization weak ہوتی ہے، اگر ان تین چیزوں کا ہم Politically بلکہ Non politically مل کر وہ Leadership دکھائیں تو یہ فاصلہ طے کرنا اور بھی آسان ہو جائے گا، گورنمنٹ کی فل لیڈرشپ بھی ہوگی، Full commitment بھی ہوگی، کوئی Resources کی کمی بھی نہیں ہوگی۔ بہت بہت شکریہ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> تیمور صاحب، آپ نے جو بات کی کہ پولیو ٹیم کے ساتھ تعاون کریں، اگر یہاں پہ ہمارے جرگہ ہال میں پولیو ٹیم کے ساتھ تمام ایم پی ایز کی ایک سیشن ہو جائے تو بہتر ہے، اس لئے کہ کافی مسائل، جس طرح میڈم نے کہا ہے کہ لڑمہ، مسلم ٹاؤن میں آپ کی پولیو ٹیم یہاں پہ جو Lead کر رہے ہیں، اس میں بھی کچھ مسائل ہیں، میں خود جانتا ہوں، مجھے بھی معلوم ہے جس طرح اس میں خامیاں ہیں، دو تین

بندوں کااگر میں نام بھی لوں، ایک اسداللہ ان میں بھی کچھ خامیاں ہیں، وہ لوگوں کو غلط Misguide اور ٹارگٹ کرتا ہے، اگر میٹنگ ہو جائے تو کافی بہتر ہوگا۔

وزیر صحت و خزانہ: جو پولیو کے Coordinator ہے، پراونشل کو پھر ہدایت کرونگا، اس کی Full preparation کریں، وہاں پہ ہمیں Open discussion کرنی چاہیئے۔ بالکل آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں، مسائل ہیں، مسائل کو میں بھی Recognize کرتا ہوں، اس پہ خود کام کر رہا ہوں، یہ Political leader ship بھی آئے گی، ڈیپارٹمنٹ سے، اپوزیشن کے ممبران سے، جو ہماری Treasury benches کے ہیں، یہ مسائل حل ہونگے، مجھے یقین ہے کہ مل کر ان شاء اللہ ہم اس کو حل کرینگے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: محرم کے بعد ان شاء اللہ میں اور میڈم نگہت اورکزئی Date fix کر دیتے ہیں، پھر میں آپ کو بتادونگا، وہ Date آپ کو Communicate کر دیں گے، اس پہ بات کرینگے۔ جناب اختیار ولی خان صاحب بات کرنا چاہ رہے تھے Point of Order پہ لیکن نماز کا ٹائم ہے، شارٹ دو منٹ میں بات کریں، جمعہ کی نماز ڈیڑھ بجے ہے۔

جناب اختیار ولی: بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ کل رات ہمارے نوشہرہ میں ایک بہت افسوس ناک واقعہ پیش آیا ہے، غریب لوگوں کی دکانیں تھیں، چار سو (400) دکانیں وہ قدرتی آفت بارش پتہ نہیں آسمانی بجلی تھی یا کیا چیز تھی؟ اس کی وجہ سے وہاں پہ آگ لگ گئی، چار سو (400) لوگوں کی دکانیں یکسر وہاں پہ جل چکی ہیں And they have been burnt into ashes، بالکل راکھ بن گئی ہیں، میں Appreciate کرتا ہوں جو کنٹونمنٹ بورڈ کی فائر بریگیڈ تھی، فائر فائٹرز تھے، They came very much in time، وہ آئے اور انہوں نے وہ آگ تو بجھالی لیکن اس آگ کے بجھنے کے بعد وہاں پہ پیٹ کے دوزخ کے بھوکے بچ گئے ہیں، رات کو میں خود وہاں سے کوئی دو بجے واپس گیا ہوں، ان لوگوں کے پاس رونے کے لئے آنسو بھی اب ختم ہو چکے ہیں، آج میں ابھی یہاں آپ سے مخاطب ہونے سے پہلے میں نے ان کی حالت پوچھی تو اس میں کوئی بیچارہ وہ اپنا ذہنی توازن کھو بیٹھا ہے، کوئی جو ہے وہ اپنے بال نوچ رہا ہے، لوگ اتنے پریشان ہیں، اتنی مشکل میں ہیں، میں درخواست کرونگا، محترم جتنے ہمارے بھائی بیٹھے ہوئے ہیں، بڑے Generous ہمارے وزیر خزانہ صاحب ہیں، شوکت صاحب ہیں، شاہ محمد صاحب ہیں، محب صاحب ہیں، سارے وزیر بیٹھے ہیں جناب سپیکر صاحب، آپ کی وساطت سے میں درخواست کرونگا کہ ایک ایک دکان میں بیس بیس، پچیس پچیس لاکھ روپے کا سامان تھا، وہ سارا راکھ ہو چکا ہے، میں

درخواست کرونگا کہ ان لوگوں کی دادرسی کے لئے پل، نالی، سڑک، سیمنٹ، بجری اس پہ ہمارے پیسے تو لگتے ہیں لیکن یہ پیسے جو ہیں، یہ اگر قوم پہ لگ جائیں، ایسے وقت میں یہ زیادہ مناسب اور زیادہ بہتر ہوگا، PDMA National Disaster Management Authority، اس کو اگر Involve کیا جائے، سمیڈا کو Involve کیا جائے تاکہ ان کی مالی مدد بھی کی جائے، ان کو کچھ آسان شرائط پہ قرضہ دیا جائے تاکہ یہ اپنا کاروبار دوبارہ شروع کرسکیں، Because میں سمجھتا ہوں، میرا وہ حلقہ بھی ہے، میرا شہر بھی ہے، میں ان لوگوں کو Personally جانتا ہوں، ان کے پاس زندگی میں جتنا کچھ انہوں نے کمایا تھا، جتنی انہوں نے محنت کی تھی، وہ مل ملا کے انہوں نے اپنی چھوٹی چھوٹی دکانیں بنالی تھیں، وہ ساری دنیا ان کی اجھڑ گئی ہے، تو Lets ہم آپس میں Let`s join our hands اور ہم ان کی کوئی Help کریں، کوئی مدد کریں تو I will appreciate ، ہاؤس کے سامنے یہ درخواست میں رکھنا چاہتا ہوں، I hope آپ اس پہ کوئی اچھی سی رولنگ دینگے تاکہ ان لوگوں کی کچھ مرہم پٹی ضرور ہوسکے۔ Thank you very much.

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جس طرح انہوں نے بات کی، منسٹر فنانس صاحب اور شاہ محمد صاحب ہمارے دو منسٹر ابھی میرے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں، دو تین منسٹر، آپ سی ایم صاحب سے بات کریں، گورنمنٹ کی طرف سے جتنا بھی Help out ہوسکے، ان کی Help out کریں۔ میر کلام صاحب موجود نہیں، رنجیت سنگھ صاحب، سردار خان صاحب، دو منٹ میں شارٹ، اس لئے کہ نماز کے لئے میں Adjourn کرنے والا ہوں، دو منٹ میں بات کریں۔

جناب سردار خان: جناب سپیکر صاحب، شکریہ۔ د دوه درې سوؤ کالو نه مسلسل زمونږه په دريائے سوات باندې دا تعمير او دا کنسٹرکشن، ريت او د بجرئ هغه آبادياني به کيدې، سرکاري غير سرکاري، هغه دريائے سوات چې دے د څلورو شپږو کالو نه چې دے، هغه ايکسويټر هائی مشينری چې ده هغې کښې ئے ډيرې غټې کډې جوړې کړې دی او د هغې هغه رونق ئے خراب کړے دے، مونږه د هغې په حق کښې نه يو او Heavy machinery راځی او هغه دريائے سوات، انتظاميې په هغه ريت او بجرئ باندې پابندی لګولې ده، مونږه دې ايوان کښې دا عرض کوؤ چې متعلقه ډيپارټمنټ چې دے، معدنيات او يا ايريګيشن والا، هغوی ته دې سپيشل هدايت جاری شی چې هغه دريائے سوات چې دے، په لاسو باندې انسان چې دے، دا په هغه کناره باندې هغه بجری او دا رااوړی او هغه

جمع کیږی، هغه خلق هغه آبادی پرې کوی، سرکاری او غیر سرکاری، مونږه دې ایوان کښې دا بار بار عرض کوؤ چې که په دې باندې پابندی مسلسل اولږی او دیکښې که د معدنیاتو والا ټینډر نه وی کړے نو د هغوئ چې کومې سرکاری پیسې محکمو ته تلې دی او تعمیر او ترقئ د پاره تلې دی، هغه به Lapse شی، نو دا انتظامیې او عدالت په دې پابندی لګولې ده، مونږه ئے احترام کوؤ، مونږه کډې نه غواړو، د سیند رونق چې دے، دریائے سوات رونق نه ورانئو خو چې کومه سرکاری پیسه چې ډسټرکټ سوات ته تلې ده، هغه به واپس Lapse شی، ټهیکیدارنو هم خپل کارونه اودرولی دی، قومی کارونه، دا کنسټرکشن، د لنټرو د پی سی سی کارونه هم ولاړ دی، نو مونږه په دیکښې خصوصی عرض کوؤ چې په لاسو باندې دا Silt چې دے دا قومی ملکیت چې دے، دا د قوم ملکیت دے، هغې کښې ریت او بجری رااوباسی او خلق ئے اوړی چې هغه سرکاری او غیر سرکاری ترقئ کښې رکاوټ نه راځی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: سب سے پہلے میں تمام آنریبل ممبرز کو مبارکباد دونگا کہ آج ہمارے پارلیمانی سال کے ایک سوایک دن مکمل ہو چکے ہیں (تالیاں) پچھلے سال Covid کی وجہ سے ہم دو تین دن شارٹ کر گئے تھے لیکن اس دفعہ الحمد للہ ایک سوایک دن آج ہمارے پورے ہو چکے ہیں، میں تمام ممبران کو اور اسمبلی سٹاف کو بھی مبارکباد دونگا، جنہوں نے کام کیا۔ The sitting is adjourned till 02.00 pm, of Monday 23rd August, 2021.

---

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 23 اگست 2021ء بعداز دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)